(c) whether it is further a fact, that Austa Mohammad and Jhat Pat grid stations are being supervised by an S.D.O. posted in the province of Sind and locally only one or two untrained persons are looking after the whole grid station due to which huge loss can occur at any time ; and

(d) whether it is not possible to appoint an S.D.O. from the WAPDA staff in Baluchistan for these grid stations?

**Lt. Gen. (Retd.) Jamal Said Mian :** (a) In Austa Muhammad area there are mostly rice mills which are seasonal industry. The season of rice mills will start from October for a period of six months. No load shedding has been carried out in Austa Mohammad area since April, 1986. Therefore, the question of excessive load shedding does not arise. However, there had been major breakdowns only on 7-7-1986 and

8 7 1986, and that also did not last for more than one hour. However the XEN concerned has been asked to be vigilant in respect of stable power supply to Austa Muhammad.

(b) The equipment installed at 66 KV grid stations Austa Muhammad and Dera Murad Jamali is working properly.

(c) The 66 KV grid stations Austa Muhammad and Dera Murad Jamali are being controlled by qualified Assistant Engineer Transmission Jacobabad. There is no grid station at Jhat Pat and this area is being fed from Dera Murad Jamali 66 KV grid station. The staff *i.e.* sub-station Operator, sub-station Assistant and Helpers have been posted according to the yardstick and they are trained persons.

(d) According to WAPDA yardstick it is not possible to appoint a Sub-Divisional Officer for every grid station.

جناب احمد میاں سومرو : پوائنٹ آف انفارمیشن ۔ جناب وزیر اعظم صاحب نے جب آٹھویں ترمیم کا بل پاس ہو رہا تھا تو ایک کمیٹی کا اعلان کیا تھا جس میں آئین کو review کرنا تھا اور خاص طور پر مارشل لاء کی سزاؤں کے جو hard ship cases ہیں ان کو ۔ اس کے چیئرمین منسٹر آف جسٹس اور پارلیمانی افیئرز تھا ۔ چھ مہینے گزر گئے اور اس کے بعد انہوں نے تین مہینے وزیر اعظم صاحب سے ایکسٹینشن لی اور اس درمیان میں کوئی میٹنگ وغیرہ بھی نہیں بلائی ۔ اب چونکہ نئے وزیر عدل و انصاف آئے ہیں تو میں پوچھنا چاہتا ہوں کہ اس کمیٹی کے یہ چیئرمین ہیں یا وہ ہیں آخر اس کمیٹی کا کیا حشر ہوا ہے عوام پوچھ رہے ہیں کہ آپ لوگ وعدے کرتے ہیں کہ مارشل لاء میں جو زیادتیاں ہوئی ہیں ان کے ازالہ کا کوئی طریقہ نکالیں ۔ اس کا کیا ہو رہا ہے اس کے متعلق کچھ ہو جائے ۔

جناب قائم مقام چیئرمین : جی جناب وسیم سجاد صاحب ۔

جناب وسیم سجاد : جناب والا! اس چیز کا انحصار اس بات پر ہے کہ اس کمیٹی کا چیئرمین جب وزیر اعظم صاحب نے ان کو مقرر کیا تھا تو وہ بلحاظ عہدہ تھا یا ان کو خصوصی طور پر بنام مقرر کیا گیا تھا ۔ یہ دیکھنا پڑے گا کہ وہ کس طریقے سے مقرر کئے گئے تھے ۔

جناب قائم مقام چیئرمین : وہ تقرر بلحاظ عہدہ تھا۔ چونکہ میں اور میاں صاحب بھی اس کمیٹی کے ممبر مقرر ہوئے تھے میرا خیال ہے اصولی طور پر جو وزیر عدل وانصاف ہوں گے وہ اس کے چیئرمین ہوں گے۔

جناب وسیم سجاد : اگر ایسی بات ہے تو وہ میں نے نہیں دیکھا۔ اگر بلحاظ عہدہ تھے تو لازمی بات ہے کہ یہ ذمہ داری مجھ پر عائد ہو گی اور میں ضرور کوشش کروں گا کہ یہ کام جلد ہو سکے، لیکن کوئی ایسی situation پیدا ہوئی ہے کہ میں نے جب سے یہ ذمہ داری سنبھالی ہے تو صبح بھی سیشن اور شام کو بھی سیشن۔ تو میرے یہ فاضل دوست خوش قسمت ہیں کہ وہ میری طرح پہلے ممبر تھے اور اتنی ذمہ داریاں نہیں تھیں، اب تو بالکل فرصت ہی نہیں ملتی۔

جناب احمد میاں سومرو : آپ کی تو ترقی ہو گئی۔

جناب وسیم سجاد : ترقی ضرور ہو گئی ہے لیکن وقت بالکل نہیں ملتا۔ ابھی تو میں ایک اور درخواست ایوان میں پیش کرتا وہ یہ ہے ۔ ۔ ۔ ۔ (مداخلت)

جناب قائم مقام چیئرمین : جناب وسیم سجاد صاحب ایک درخواست ہو گی کہ ماشاءاللہ آپ بہت اچھے وکیل بھی ہیں اور مقرر بھی ہیں تو جو بھی آج اپنا مدعا بیان کرنا چاہیں وہ مختصر الفاظ میں ہو تاکہ کل کے دن کے لئے جیسے میں نے گذارش کی ہے، relevant اور to the point ہو۔ میری گذارش ہو گی کہ اختصار سے کام لیں ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ (مداخلت)

جناب وسیم سجاد : جناب مجھے اس ایوان سے آپ کے توسط سے ایک گذارش کرنی ہے کہ جناب اقبال احمد صاحب نے اس ایوان میں ایک وعدہ کیا تھا کہ وہ کوشش کریں گے کہ پریذیڈنٹ کے ایڈریس کے بارے میں جو رولز ہیں وہ اسی سیشن میں پیش کر دیئے جائیں۔ میں نے اسے ایک اہم مسئلہ تصور کرتے ہوئے پیش کیا ہے لیکن میں سمجھتا ہوں کہ منسٹری ابھی تیاری نہیں کر سکی اور اس کو ہم اگلے سیشن میں پیش کر سکیں گے۔ چونکہ یہاں یہ ایک سٹیٹمنٹ دی گئی تھی اس لئے میں

ایوان سے درخواست کروں گا کہ وہ اجازت دے کر میں اگلے سیشن میں اسے پیش کردوں۔

جناب قائمقام چیئرمین : یہ تو ٹھیک ہے لیکن جو احمد میاں سومرو صاحب کا ........ (مداخلت)

جناب احمد میاں سومرو : جناب یہ کل وضاحت کر کے ہمیں بتائیں کہ اس کا ٹائم ایکسپائر ہو گیا ہے۔

جناب قائمقام چیئرمین : نہیں وہ جو احمد میاں سومرو صاحب کا ..... (مداخلت)

جناب وسیم سجاد : جناب میں نے انہیں بتادیا ہے کہ اگر وہ بلحاظ عہدہ ہے تو میری ذمہ داری ہے۔

جناب قائمقام چیئرمین : جی وہ بلحاظ عہدہ ہے۔

جناب احمد میاں سومرو : سر وہ ہمیں بتائیں کہ اس کی کیا پوزیشن ہے ؟

جناب قائمقام چیئرمین : میرا خیال ہے کہ قومی اسمبلی کا اجلاس ۱۲ تاریخ کو ختم ہو رہا ہے اور سینٹ کا اجلاس کل ختم ہو رہا ہے تو یہ ایک نہایت اہم معاملہ ہے آپ جس قدر جلد ممکن ہو سکے اس کمیٹی کا اجلاس کال کیجئے گا۔

جناب وسیم سجاد : میں کوشش کروں گا کہ اجلاس جلد ہو۔ جناب میری دوسری گزارش کے متعلق اگر ایوان سے پوچھ لیں۔ اور مجھے وقت دے دیں تاکہ میں اسے اگلے اجلاس میں پیش کردوں گا۔

جناب قائمقام چیئرمین : آپ یہ وعدہ کرتے ہیں کہ اگلے اجلاس میں اسے پیش کر دیں گے ؟

جناب وسیم سجاد : انشاءاللہ - انشاءاللہ۔

جناب احمد میاں سومرو : یہ رولز کا کہہ رہے ہیں یا اس کا ..... (مداخلت)

جناب قائمقام چیئرمین : وہی ہے جی ...... (مداخلت)

جناب احمد میاں سومرو : یہ بھی ہمیں کل واضح کر دیں کہ کون [illegible] ہے کیا پوزیشن ہے ؟

نوابزادہ جہانگیر شاہ جوگیزئی : پوائنٹ آف آرڈر۔ میں نے وزیر اعظم صاحب کے نوٹس میں لایا تھا کہ وہ کمیٹی اب تک اپنی رپورٹ نہ دے سکی اور لوگ بہت شور کر رہے ہیں خاص کر بلوچستان میں جن کی زمینوں پر مارشل لاء نے ایکشن لیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ میں منسٹر صاحب کو کہہ دوں گا کہ جلد سے جلد اس کو بلا لیں اور وہ تو اس انتظار میں ہیں کہ جلدی سے اس کی رپورٹ پہنچ جائے۔

مولانا کوثر نیازی : پوائنٹ آف آرڈر جناب چیئرمین! جو مسئلہ زیر بحث ہے میں نے پچھلی دفعہ اس پر پریولیج موشن بھی دی تھی اور اس وقت جناب وسیم سجاد بیک بینچر تھے میں یہ گزارش کروں گا کہ اقبال احمد خان صاحب نے یہ بھی وعدہ کیا تھا کہ اس کمیٹی کی interim report جو مارشل لاء قیدیوں سے متعلق ہو گی وہ وزیر اعظم صاحب کو پیش کر دیں گے تو ازراہ کرم وہ یہ وعدہ وفا کریں اور یہ عہدے کی مرغی جو ہے دو ملاؤں کے درمیان حرام نہ ہو، آپ جلد سے جلد عہدہ سنبھالیں اور interim report [illegible] کے اندر وزیر اعظم صاحب کو پیش کر دیں تاکہ مارشل لاء کی سزاؤں پر نظر ثانی کا وعدہ ایفا ہو سکے۔ اور یہ بھی میں گزارش کروں گا کہ ویسے بھی اس کمیٹی کو رپورٹ کے لئے جو مدت دی گئی تھی وہ اس مدت سے کہیں زیادہ وقت لے چکی ہے یہ ایک الگ پریولیج بنے گا اور وہ بھی ہاؤس میں پیش ہو گا ازراہ کرم ان باتوں کا ذرا خیال رکھئے گا۔

جناب وسیم سجاد : جناب میں ضرور خیال رکھوں گا۔ انہوں نے جو کچھ کہا ہے ضرور خیال رکھوں گا۔

جناب احمد میاں سومرو : پوائنٹ آف آرڈر سر۔ سر چاروں سیشن میں سابق وزیر عدل و انصاف نے میری پریولیج موشن پر یہ ایشورنس دی تھی کہ میں پریس نہ کروں اور وہ ترمیمی بل پیش کریں گے کیونکہ پہلے سیشن میں غلطیاں تھیں۔ چار سیشن میں، میں نے بریچ آف پریولیج موشن پیش کی اور ہر بار انہوں نے یہ یقین دہانی کرائی کہ اس سیشن میں لاؤں گا۔ اب کیا نئے منسٹر صاحب کو یہ ذمہ داریاں مل گئی ہیں۔ کیا وہ کوئی یقین دہانی کرا سکتے ہیں اب ایک دن رہ گیا ہے اس کی کیا پوزیشن ہے کیا بتا سکتے ہیں؟

جناب قائمقام چیئرمین : جناب وسیم سجاد صاحب ۔

جناب وسیم سجاد : اس سیشن میں تو یقیناً نہیں آرہی ہیں میں نے پروگرام دیکھا ہے یہ سیشن کل پرورونگ ہو جائے گا۔ اور میں یہ کوشش کروں گا کہ یہ جو چیزیں ہیں اور بہت سارا اور بھی کام ہے میں کوشش کرتا ہوں کہ قانون سازی کا کام جلد سے جلد ایوان میں لایا جائے۔ بہت سی اہم قانون سازی کو بہت جلد ایوان میں لانے کی کوشش کروں گا۔ انشاء اللہ اس چیز کا بھی خیال رکھوں گا۔ میں ابھی کوئی وعدہ نہیں کرتا، ابھی مجھے پوری سیریل دیکھنی ہے کہ کون سی زیادہ اہم چیزیں ہیں جن کی زیادہ ضرورت ہے تو میں یہ ساری چیزیں لاؤں گا۔

جناب قائمقام چیئرمین : جناب وسیم سجاد صاحب میں آپ کی بار بار یہ تعریف نہیں کرتا کہ آپ بہت قابل اور ممتاز وکلاء میں سے ایک ہیں لیکن ایک بات ضرور ہے ہاؤس کے اندر جو وعدے کئے جاتے ہیں یہ جو بڑے اہم اور ضروری بھی ہیں کوشش کیجئے کہ ان کو پورا کر دیں۔

جناب وسیم سجاد : انشاءاللہ جی ضرور۔ اب جناب ذرا میری درخواست ہے کہ جو رولز صدر کے خطاب کے بارے میں ہیں۔ ہاؤس سے پوچھ لیں تاکہ آئندہ اجلاس میں پیش کر سکوں کیونکہ یہ ایک مسئلہ زیرغور ہے اور امید ہے کہ آئندہ اجلاس میں انشاءاللہ پیش کر سکوں گا۔

جناب احمد میاں سومرو : جناب یہ constitutional provision ہے واقعی یہ فاضل دوست خود بھی بڑے وکیل ہیں جب یہ back bencher تھے تو انہوں نے سینٹ کے فلور پر آرٹیکل ۵۶ (۴) پر سپورٹ کیا تھا۔ کہ وہ یہ رولز بنائیں۔ کیا ان کی ترقی کرنے سے وہ سیکشن ہی گئی ؟

جناب قائمقام چیئرمین : میرا خیال ہے کہ ان رولز کے بارے میں ہی وسیم سجاد صاحب کہہ رہے ہیں۔

جناب احمد میاں سومرو : جب آپ خود فرما رہے تھے کہ ایک دو دن اجلاس میں توسیع کی جائے گی تو پھر وہ رولز تو پاس کرو، ورنہ صدر صاحب کا تیسرا خطاب آجائے گا۔

جناب قائمقام چیئرمین : جناب وسیم سجاد صاحب کے بارے میں میرا حسن ظن نہیں بلکہ میں یقین سے کہہ سکتا ہوں کہ وہ جو وعدہ کریں گے انشاءاللہ اس کو ضرور پورا کریں گے ۔ تو کیا ایوان جیسا کہ جناب وزیر عدل و انصاف نے کہا ہے، اجازت دیتا ہے کہ وہ اسے اگلے سیشن میں پیش کر دیں ؟

جناب احمد میاں سومرو : یہ غیر آئینی ہے ۔

مولانا کوثر نیازی : اگر ہم متفق نہیں ہوں گے تو کیا کریں گے ۔ ہماری تو پوزیشن وہی ہے کہ تنخواہ بڑھا دیجئے ورنہ ...... ورنہ اسی تنخواہ پر کام کریں گے ۔ یعنی ہم کیا کریں گے ۔ ہر دفعہ یہی ہوتا ہے ۔ استحقاق کے ضمن میں چیئرمین صاحب رولنگ دے چکے ہیں ۔ آپ نے رولنگ دی ۔ وعدہ ہوا کہ اس سیشن میں رولز پیش ہوں گے ، بحث نہیں ہو سکے گی ۔ یہ بھی ہوا تو کیا کریں گے ۔

جناب احمد میاں سومرو : جناب ہم نے حلف اٹھایا ہے کہ ہم آئین کے مطابق چلیں گے ۔ اب ہمارے وزیر عدل وانصاف صاحب کہہ رہے ہیں کہ ہمیں وقت دو کیا آرٹیکل ۵۶ (۴) کے خلاف ہاؤس اجازت دے ؟

جناب وسیم سجاد : آرٹیکل ۵۶ (۴) میں ٹائم مینشن نہیں ہے ۔ اس میں یہ ہے کہ رولز بنائیں گے اور بنا رہے ہیں چونکہ اقبال احمد خان صاحب نے کہہ دیا تھا ۔ میں ہوتا تو شاید دیکھ کر وعدہ کرتا ۔ چونکہ انہوں نے کہہ دیا ہے، اس لئے میں درخواست یہ کر رہا تھا کہ اگلے سیشن میں انشاءاللہ میں یہ پیش کر دوں گا ۔

جناب احمد میاں سومرو : میرا ووٹ اس کے خلاف ہے کیونکہ یہ غیر آئینی ہے ۔

جناب قائمقام چیئرمین : یہ مسئلہ ایوان کے سامنے پیش کیا جاتا ہے ۔ جیسا کہ لاء منسٹر صاحب کہتے ہیں آپ اسے ایکسٹینڈ کرنے کی اجازت دیتے ہیں ؟

(ایوان نے اجازت دے دی)

## Leave of Absence

جناب قائمقام چیئرمین : رخصت کی درخواستیں ۔ جناب حسن اے شیخ صاحب ضروری کام کی بناء پر کراچی تشریف لے گئے ہیں اس لئے انہوں نے ایوان سے ۶ ، اکتوبر ۱۹۸۶ء تا اختتام حالیہ اجلاس رخصت کی درخواست کی ہے ۔ کیا ایوان رخصت کی اجازت دیتا ہے ؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب قائمقام چیئرمین : خواجہ کمال الدین انور صاحب نے ناسازئ طبع کی بناء پر ایوان سے ۶ اکتوبر ۱۹۸۶ء کیلئے رخصت کی درخواست کی ہے ۔ کیا ایوان رخصت کی اجازت دیتا ہے؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب قائمقام چیئرمین : جناب گلاب خان محسود صاحب نے ضروری کام کی بناء پر ایوان سے ۷ اکتوبر ۱۹۸۶ء تا اختتام حالیہ اجلاس رخصت کی درخواست کی ہے ۔ کیا ایوان رخصت کی اجازت دیتا ہے ؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب قائمقام چیئرمین : جناب پیر مردان شاہ پیر پگاڑا صاحب نے چند ناگزیر وجوہات کی بناء پر ایوان سے ۵ تا ۸ اکتوبر ۱۹۸۶ء رخصت کی درخواست کی ہے ۔ کیا ایوان رخصت کی اجازت دیتا ہے ؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب قائمقام چیئرمین : جناب اختر نواز خان صاحب چند ذاتی مصروفیات کی بناء پر ۵، اکتوبر ۱۹۸۶ء کو ایوان میں شرکت نہیں کر سکے ۔ اس لئے انہوں نے ایوان سے اس تاریخ کے لئے رخصت کی درخواست کی ہے ۔ کیا ایوان رخصت کی اجازت دیتا ہے ؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب قائمقام چیئرمین : حاجی اکرم سلطان صاحب نے چند ناگزیر وجوہات

کی بناء پر ایوان سے ۵ - ۶ ، اکتوبر ۱۹۸۶ء کے لئے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا ایوان رخصت کی اجازت دیتا ہے ؟

(رخصت منظور کی گئی)

## PRIVILEGE MOTIONS

جناب قائمقام چیئرمین : تحاریکِ استحقاق - تحریکِ استحقاق نمبر ۲۹، جناب مولانا کوثر نیازی صاحب - جناب مولانا صاحب میں آپ سے آج تھوڑی سی گزارش کروں گا کہ ایڈ میسیبلٹی پر آپ جس قدر بول سکتے ہیں بولئے لیکن یہ خیال رکھئے کہ آج ہمیں ایک گھنٹے کے اندر ان تحاریک التواء کو نمٹانا ہے - باقی معزز اراکین جیسے تحریکِ التواء پر بولتے رہے ہیں میری خواہش تو آج بھی ایسی ہے لیکن کل اجلاس غیر معینہ مدت کے لئے برخاست ہونے کے پیشِ نظر میں یہ درخواست کروں گا کہ جن صاحب کی تحریک استحقاق ہو اس کے بعد لاء منسٹر صاحب اس کی قانونی پوزیشن بتائیں گے لیکن دیگر حضرات ذرا کرنے کی کوشش کریں -

قاضی حسین احمد : نماز کا وقت ہو گیا ہے -

جناب قائمقام چیئرمین : میرے خیال میں ابھی پانچ منٹ باقی ہیں -

قاضی حسین احمد : ہم تو جب جاتے ہیں وہاں پر نماز ہو جاتی ہے - جماعت کھڑی ہو جاتی ہے -

جناب قائمقام چیئرمین : ٹھیک ہے جی - نماز مغرب کے لئے ۲۵ منٹ کے لئے اجلاس برخاست کیا جاتا ہے -

[*The House Adjourned for Maghrib Prayers.*]

[*The House re-assembled after the interval with Mr. Acting Chairman (Malik Muhammad Ali Khan) in the Chair*].

جناب قائمقام چیئرمین : جناب مولانا کوثر نیازی صاحب -

مولانا کوثر نیازی : جناب لاء منسٹر صاحب بھی نہیں ہیں اور کورم بھی پورا نہیں ہے -

جناب قائمقام چیئرمین : گھنٹیاں بجائی جائیں ۔
(کورم کے لئے گھنٹیاں بجائی گئیں)

**Mr. Acting Chairman :** The quorum is in order. Maulana Kausar Niazi.

## (i) *RE* : NON FULFILMENT OF THE REQUIREMENTS OF ARTICLE 31 (2) (A) OF THE CONSTITUTION

مولانا کوثر نیازی : میری تحریک استحقاق کا متن یہ ہے کہ آئین کی آرٹیکل ۳۱ کی شق نمبر ۲ جزو (الف) میں حکومت پاکستان پر لازم کیا گیا ہے کہ وہ عربی زبان کے فروغ اور مسلمانانِ پاکستان میں اس کی تحصیل کے لئے سہولتیں عام کرنے کی خاطر اقدام کرے گی ۔ لیکن اس کے برعکس حکومت نے پاکستان نیشنل سنٹر سے عربی کی کلاسیں ختم کر دی ہیں جو ۱۹۷۴ء سے جاری تھیں اور جن کے ذریعے سے ہزاروں افراد مستفید ہو چکے ہیں ۔ پچھلے اجلاس میں وزیر اطلاعات نے ان کلاسوں کے اجراء کی یقین دہانی بھی کرائی تھی ۔ لیکن تاحال یہ کلاسیں بند ہیں ۔ حکومت کی طرف سے آئین کی خلاف ورزی، تشویشناک ہے ۔ اس لئے سینٹ تو آئین کی محافظ ہے، اس کا استحقاق، اس اقدام سے مجروح ہوا ہے ۔ لہٰذا میں تحریک کرتا ہوں کہ ایوان میں اس پر غور کیا جائے ۔

جناب چیئرمین ! یہ وقت نہیں کہ میں عربی زبان کی اہمیت پر اظہار خیال کروں ۔ اور یہ بتاؤں کہ وہ قرآن کی زبان اور اہلِ سُنت کی زبان ہے اور اقتصادی لحاظ سے بھی کس طرح وہ پاکستان کے لئے ایک ناگزیر درجہ رکھتی ہے میں آئینی طور پر گفتگو کر رہا ہوں اور آئین میں واضح طور پر یہ لکھا ہے ۔ کہ

> "The State shall endeavour as respects the Muslims of Pakistan to make the teaching of the Holy Quran and Islamiat compulsory, to encourage and facilitate the learning of Arabic Language......"

اور اسی شق کو عملی جامہ پہنانے کے لئے ۱۹۷۴ء میں پاکستان نیشنل سنٹر سے عربی کی کلاسیں شروع کی گئی تھیں۔ جو برابر جاری رہیں یہاں تک کہ ۱۹۸۵ء تک ہزاروں افراد ڈپلومہ لے کر عربی زبان میں اچھی خاصی واقفیت رکھنے کے بعد بیرونی ملکوں میں بھی گئے اور انہوں نے پاکستان کی قابل قدر خدمات سرانجام دیں لیکن اب کچھ عرصے سے یہ کلاسیں بند کر دی گئی ہیں اور یہ وجہ بیان کی گئی ہے کہ مالی مشکلات درپیش ہیں۔

جناب چیرمین! ۱۹۷۴ سے ۱۹۸۵ء تک تو کوئی مالی مشکلات درپیش نہیں تھیں اور یہ عربی کلاسیں جاری رہیں۔ اب یکلخت ایسی کونسی مالی مشکلات سامنے آگئیں جن کی وجہ سے ایسی اہم کلاس کو ختم کر دیا گیا۔ پچھلے اجلاس میں، میں یا اس سے پچھلے اجلاس میں میں نے ایک تحریکِ التوا کے ذریعے سے اس مسئلے کی طرف حکومت کی توجہ دلائی تھی اور وزیر اطلاعات نے از راہِ کرم یہ وعدہ کیا تھا کہ اس سلسلے میں حکومت ضروری اقدام کرے گی۔ مجھے یہ اندازہ ہے کہ موجودہ وزیر اطلاعات کے عہد میں یہ کلاسیں بند نہیں ہوئیں۔ بلکہ ان کے پیشرو وزیر اطلاعات کے زمانے میں یہ کلاسز بند ہوئیں۔ لیکن اس سے قطع نظر بات حکومت کی ہے اور آئین کی رو سے حکومت کا یہ فرض ہے کہ وہ عربی زبان کے فروغ کے لئے اقدام کرے نہ یہ کہ جو اقدام ہو رہے ہیں ان کو بھی ختم کر دے۔ اس لئے واضح طور پر حکومت کا یہ قدم آئین کے خلاف ہے اور آئین کے خلاف کسی قدم کو بھی چیک کرنا سینٹ کا فرض ہے۔ لہٰذا مجھے یہ حق پہنچتا ہے کہ میں یہ ایوان سے استدعا کروں کہ اس مسئلے پر غور و خوض کیا جائے۔ شکریہ۔

جناب قائمقام چیئرمین: شکریہ۔ جناب میر نواز خان مروت صاحب۔

میر نواز خان مروت (وزیر مملکت برائے انصاف و پارلیمانی امور):

چونکہ اس میں انفارمیشن منسٹر کے اس بیان کو تحریک استحقاق کی گراؤنڈ بنایا گیا ہے۔ سب سے پہلی میری عرض یہ ہے کہ فنی بنیادوں پر یہ بریچ آف پریویلج نہیں بنتا۔ اس لئے کہ نہ تو ہم نے آئین کی Violation کی ہے نہ وزیر صاحب نے کوئی غلط بیانی سے کام لیا ہے اور نہ ہی کسی ایسے فعل کا ارتکاب ہوا جس

سے آپ کہہ سکیں کہ یہ point raise ہو سکتا ہے۔ اب کول کو آپ پڑھیں
جیسے جناب نے پڑھا ہے اور اس کی کتاب Practice and Procedures of
Parliament میں کلیئر الفاظ میں لکھا ہے کہ

> "Non-implementation of an assurance given by a Minister on the floor of a House is neither a breach of privilege nor a contempt of House....."

یہ بات Practice and Procedures of Parliament by M.N. Kaul
صفحہ نمبر ۲۳۷ پر کلیئر ہے۔ اس کے بعد رول نمبر ۵۹ سینٹ کے رولز آف
پروسیجر میں جناب دیکھئے اس میں کلاز نمبر ۲ جو ہے۔

> "The question shall relate to a specific matter and shall be raised at the earliest opportunity."

اب یہ admittediy فاضل محرک نے ارشاد فرمایا ہے کہ ۱۹۸۵ء میں
یہ کلاسز بند ہو گئیں۔ اور اب ہم ۱۹۸۶ء کے آخری حصے میں تقریباً پہنچ چکے ہیں
آیا یہ earliest oppartunity پر ہوا ہے اور recent واقعہ
ہے یا نہیں۔ میرے خیال سے یہ اس سے بھی ہٹ ہوتی ہے۔ اس کے علاوہ
جناب جہاں تک عربی کی افادیت اور اس کے تقدس کا تعلق ہے اس سے
کبھی نہ ہم نے انکار کیا ہے جیسے مولانا صاحب نے ابھی ارشاد فرمایا یہ لسان الجنتہ
یہ لسان القرآن ہے میں ساتھ ساتھ یہ بھی کہوں گا کہ یہ لسان الرسول بھی
ہے اور یہ ہمارے لئے ضروری ہے۔

میں یہی گزارش کروں گا کہ اس زبان کو سکھانے کے لئے بہت سے
اقدامات ہو چکے ہیں یہاں پر مختلف سکولوں میں پہلی جماعت سے قرآن شریف
پڑھانا شروع کر دیا ہے اور آٹھویں جماعت تک اس کو لازمی بھی قرار دیا گیا
ہے جیسا کہ ان کو خود علم ہے۔ میری گزارش یہ ہے کہ ہم نے کبھی غفلت
نہیں برتی نیشنل سنٹرز میں کلاسیں، ان کا ارشاد صحیح ہے، ۱۹۷۴ء میں شروع

ہوتی تھیں اور بعد میں اتنی تعداد بڑھ گئی کہ اس کے لئے اساتذہ کی ضرورت پڑ گئی اور فنانس منسٹری سے رجوع کرنا پڑا۔ ورنہ اس لئے نہیں کہ ہم نے اس کی افادیت سے انکار کیا ہے۔

میں اصل واقعات بیان کر دوں۔ معزز وزیر اطلاعات و نشریات نے معزز رکن کو ۶ فروری ۱۹۸۶ء کو اس ایوان میں بڑے واضح الفاظ میں بتایا تھا کہ عربی کی کلاسیں جو نیشنل سنٹر میں ہوا کرتی تھیں بند ہو گئی ہیں جو نہی مطلوبہ رقم وزارت خزانہ سے فراہم ہو گی یہ سلسلہ دوبارہ شروع کر دیا جائے گا۔ رقوم کی فراہمی کا معاملہ زیر غور ہے۔ وزارت اطلاعات پوری کوشش کر رہی ہے اور ان وجوہات سے ایوان کو پوری طرح آگاہ کر دیا گیا تھا جن کی وجہ سے یہ کورسز نیشنل سنٹرز میں بند ہوئے تھے۔ وزیر موصوف نے ان سے وعدہ کیا تھا کہ مطلوبہ رقم فراہم ہونے کے بعد انشاء اللہ عربی کے کورسز شروع کر دئے جائیں گے۔ یہ معاملہ اس وقت وزارت مالیات کے زیر غور ہے۔ اور مجھے امید ہے کہ جب وہاں سے اس کی منظوری آجائے گی تو انشاء اللہ کلاسز دوبارہ شروع کر دی جائیں گی۔ ہم انشاء اللہ اس سے کبھی غفلت نہیں برتیں گے۔ میرے خیال میں فاضل محرک اب اس پر زور نہیں دیں گے کیونکہ ہم دونوں کا مدعا تقریباً ایک ہی ہے۔

جناب قائمقام چیئرمین: جی مولانا کوثر نیازی صاحب۔

مولانا کوثر نیازی: جناب چیئرمین! بات یہ ہے کہ انہوں نے خود فرمایا ہے کہ ۶ فروری کو وزیر صاحب نے یہ کہا تھا کہ یہ مسئلہ وزارت مالیات کے زیر غور ہے۔ اور اب چھ سات ماہ ہو گئے، ابھی تک وہ غور ختم نہیں ہوا۔ اگر وہ یہ بتاتے کہ وہ اس سلسلے میں وزارت مالیات پر زور دے رہے ہیں اور سلسلہ جنبانی کر رہے ہیں، یاددہانی کرا رہے ہیں اور امید ہے مہینہ میں دو مہینے میں اس سال کے آخر تک یہ مسئلہ فائنلائز ہو جائے گا تو پھر تو ان کی یقین دہانی کا کوئی اعتبار بھی کرتا۔ باقی رہی ٹیکنیکیلیٹیز کی بات، دیر سویر کی بات

تو اس بحث میں ، میں جاتا نہیں۔ کیونکہ آپ نے وقت پر پہلے ہی پابندی لگا رکھی ہے۔

جناب قائمقام چیئرمین : شکریہ - جناب مروت صاحب ۔

جناب میر نواز خان مروت : جہاں تک وقت کا علم ہے --- (مداخلت)

جناب قائمقام چیئرمین : جی قاضی عبداللطیف صاحب ۔

قاضی عبداللطیف : جناب وزیر موصوف نے جو کچھ فرمایا ہے، میرے خیال میں انہوں نے اس تحریک التوا کو اس سپرٹ سے نہیں لیا جس سپرٹ سے یہ پیش کی گئی تھی۔ سوال یہ نہیں تھا کہ اس کو صرف تکنیکی طریقے سے مسترد کر دیا جائے۔ انہوں نے فرمایا کہ قرآن کریم کی تعلیم جاری کی جائے۔ اس کا عربی دانی سے کیا تعلق ہے۔ اس میں تو صرف عبارت ہی پڑھائی جاتی ہے۔ یہ اعتراض کر رہے ہیں کہ عربی دانی کو ختم کر دیا گیا ہے جب کہ ہمارے تعلقات مشرقِ وسطیٰ سے اہم ترین مرحلے پر پہنچے ہوئے ہیں۔ قرآن کریم کی زبان اللہ کی زبان ہونے کے علاوہ اس وقت ہمارے ملک کے لئے ضروری بھی ہے۔ لیکن افسوس ہے کہ ہمارے وزیر صاحب نے اسے اس جذبہ اور فلسفہ کے لحاظ سے اس کو نہیں لیا۔

میر نواز خان مروت : پہلے تو ایڈمیسیبلٹی پر آپ کو بتایا کہ ٹیکنیکلی یہ بنتی نہیں۔ قرآن پاک کی تعلیمات کے متعلق کہا گیا ہے۔ کیا قرآن پاک کی تعلیمات عربی زبان میں نہیں ہیں۔ دوسری بات یہ میں نے عرض کی کہ اس کے علاوہ بھی اگر آپ سکولوں میں دیکھیں گے تو ان میں عربی زبان غالباً چھٹی جماعت سے لازمی قرار دی گئی ہے۔ اس کے علاوہ اساتذہ کو بھی ٹریننگ دی جا رہی ہے اور اب تک پانچ ہزار اساتذہ کو ٹریننگ دی جا چکی ہے۔ اسی سلسلے میں عنقریب عربی اردو ڈکشنری بھی شائع کی جا رہی ہے۔

[Mir Nawaz Khan Marwat]

جناب قائم مقام چیئرمین : میری گزارش اس بارے میں ہے کہ جو کچھ مولانا کوثر نیازی صاحب فرما رہے ہیں ۔ ۔ ۔ (مداخلت)

میر نواز خان مروت : میں سمجھ رہا ہوں ۔ جناب والا! چونکہ اس میں بہت سے ادارے involve ہیں ۔ میں نے عرض کیا کہ کوشش کی جائے گی ۔ میں ایک چیز واضح کر دوں ہم اس سے انکار نہیں کرتے ۔ نیشنل سنٹرز میں اگر اچھے کام کی ابتداء ہوئی ہے تو کوئی بری بات نہیں ہے ورنہ اس کے چارٹر میں وہ نہیں ہے لیکن ہم اس کا سہارا نہیں لیتے ۔ نیشنل سنٹرز کے کچھ اور مقاصد ہیں ۔ عربی سکولوں میں پڑھائی جا رہی ہے اور ہم اس پر راضی ہیں ۔ عربی زبان کے راستے میں ہم کبھی رکاوٹ نہیں ڈالیں گے ۔ ہماری بھی کوشش ہے لیکن میں نے یہ گزارش کی ہے کہ اب سیکھنے والوں کی تعداد ہزاروں میں آ گئی ہے لہٰذا اس کے لئے کافی فنڈز کی ضرورت ہے تاکہ اساتذہ مہیا کئے جائیں ۔ اس لئے یہ معاملہ وزارت مالیات کے پاس گیا ہے اور آپ کو پتہ ہے کہ کئی مدارج سے گزرنا پڑتا ہے ۔ ہم نے کوئی غفلت نہیں برتی ۔ انشاء اللہ جو نہی وہاں سے طے ہو گا ہم کوشش کریں گے ۔ pursue بھی کریں گے کہ انشاء اللہ جتنا جلد سے جلد ہو سکے ہو جائے ۔ اب وہ بھی جانتے ہیں کہ انشاء اللہ کہنا پڑے گا ۔ انشاء اللہ جلد ہی ہو گا وقت کا تعین تو میں بھی نہیں کر سکتا ۔ کیونکہ اگر یہ دوسری منسٹریوں میں نہ جاتا اور صرف اسی سے متعلق ہوتا تو ہو سکتا تھا کہ میں ان کو دو مہینے کا ٹائم دے دیتا ۔ لیکن انشاء اللہ کوشش کی جائے گی کہ اس کار خیر کا دوبارہ جلد سے جلد اجراء ہو سکے ۔

جناب قائم مقام چیئرمین : جناب مولانا صاحب ۔

مولانا کوثر نیازی : جناب اب میں کیا بحث کروں ۔ یہ واضح ہو گیا کہ گناہگاروں کی حکومت نے ایک نیک کام شروع کیا تھا خلافت راشدہ نے اسے ختم کر دیا ۔ بہر حال امید ہے کہ وہ اس کام کو از سر نو پھر جاری کر دیں گے ۔

میر نواز خان مروت : جناب ایک چیز کا میں جواب دوں گا ۔ نہ یہ خلفائے راشدہ کا دور ہے ۔ اور نہ ہی ہم نے کسی کو گنہگار کہا ہے۔ میں یہ عرض کروں گا اور یہ ماننا پڑے گا کہ ۱۹۷۷ء کے بعد قبلے کی سمت ابھی درست ہوئی ہے ۔ نفاذِ شریعت کے لئے کافی پیش رفت ہوئی ہے۔

جناب قائم مقام چیئرمین : جناب آپ تشریف رکھیے ۔

نوابزادہ جہانگیر شاہ جوگیزئی : پوائنٹ آف آرڈر جناب ۔ اس سلسلے میں میری عرض یہ ہے کہ اس حکومت نے پچیس لاکھ تعلیم کے لئے ہمیں دیا ہے۔ اگر اتنا شوق ہے تو مدرسوں میں یہ پیسے خرچ کریں تاکہ لوگ عربی سیکھیں۔ میں نے اپنے فنڈ میں سے بہت سے مدرسوں کو دیا ہے ۔

جناب قائم مقام چیئرمین : نوابزادہ صاحب مجھے آپ کے جذبات کا احترام ہے لیکن یہ پوائنٹ آف آرڈر نہیں بنتا ۔ جی مولانا صاحب آپ کیا اسے پریس کر رہے ہیں ؟

مولانا کوثر نیازی : جی یس وزیر صاحب کی یقین دہانی پر اور اپنے عزیز چوہدری شجاعت کی اسلام دوستی پر یقین ہے اور میں انہیں صرف مزید یاد دلا رہا تھا مجھے امید ہے انشاءاللہ وہ کوشش کریں گے کہ یہ کلاسز جلد سے جلد شروع ہو جائیں ۔

جناب قائم مقام چیئرمین : ناٹ پریسڈ ۔ تحریک استحقاق نمبر ۳۱ مولانا سمیع الحق صاحب ۔ وہ تو نہیں ہیں لہذا یہ ڈراپ ہو گئی ۔ تحریک استحقاق نمبر ۳۲ ہے ۔ قاضی عبداللطیف صاحب ۔

## (ii) *RE* : NON-REPORTING OF CONTRADICTION MOVERS OF THE SHARIAT BILL IN THE HOUSE ON 5-10-1986 BY "NAWA-I-WAQT", RAWALPINDI

قاضی عبداللطیف : جناب والا! میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ روزنامہ "نوائے وقت" راولپنڈی مورخہ ۶، اکتوبر میں سینٹ کی کارروائی کی رپورٹنگ سے میرا اور اس معزز ایوان کا استحقاق مجروح ہوا ہے ۔ لہذا اسے استحقاق کمیٹی کے سپرد کیا جائے ۔ جناب والا! سینٹ کے اتوار کے اجلاس میں سینٹ

کے ممبر جناب خواجہ کمال الدین صاحب کی تحریکِ استحقاق کے جواب میں وزیرِ انصاف صاحب کی اس وضاحت کہ شریعت بل حکومت کے زیرِ غور ہے اور اس بارے میں مختلف تجاویز پر غور کیا جا رہا ہے اور محرکین سے بات چیت ہو رہی ہے۔ جناب والا! جناب وزیر صاحب کے آخری جملہ کہ محرکین سے بات چیت ہو رہی ہے پر بروقت میں نے پوائنٹ آف آرڈر پر کہا کہ میں بل کے محرکین میں سے ہوں میرے ساتھ کوئی مذاکرات نہیں ہو رہے جناب وزیر صاحب فرمائیں کہ یہ مذاکرات کس کے ساتھ ہو رہے ہیں۔ اسی طرح بل کے محرک مولانا سمیع الحق صاحب نے بھی کہا کہ میرے ساتھ بھی کوئی مذاکرات نہیں ہو رہے۔ لہٰذا یہ کہنا خلاف واقعہ ہے۔ جناب والا! وزیر انصاف کے بیان پر میرا تردیدی نکتہ اعتراض چھوڑنے سے میرا اور اس معزز ایوان کا استحقاق مجروح ہوا ہے۔ اس سے ملک میں غلط فہمی پیدا ہو سکتی ہے۔ یوں محسوس ہوتا ہے کہ لوگوں کو غلط تاثر دینے کی کوشش کی گئی ہے۔ لہٰذا اس کو استحقاق کمیٹی کے سپرد کیا جائے۔ . . . . (مداخلت)

جناب والا! میں شاید اپنی بات سمجھا نہیں سکا۔ میں گزارش کروں کہ اس رپورٹ میں جو بات آئی ہے اس میں وزیر صاحب کا وہ جملہ تو نقل کر دیا گیا ہے لیکن میرا نکتہ اعتراض وہاں نقل نہیں کیا گیا جس سے تاثر یہ ملتا ہے کہ رپورٹ یا تو غلط ہے یا سہواً ہو گئی ہے۔ کم از کم ان کو یہ تنبیہ تو کر دی جائے کہ وہ اس کی تصحیح دوبارہ کر لیں۔ اس لئے کہ یہ بہت نازک مسئلہ ہے اور تمام لوگ اس کے انتظار میں ہیں۔ میرے خیال میں 'نوائے وقت' کی جانب سے یہ فروگذاشت ہوئی ہے اور یقیناً اس پر اس کو تنبیہ ہونی چاہیئے۔ وہ خلاف واقعہ رپورٹ ہے۔

جناب قائم مقام چیئرمین : جناب وسیم سجاد صاحب اس سے پہلے کہ آپ اس کے قانونی پہلو پر بحث کریں میں گزارش کرتا ہوں کہ وزیر صاحب نے کہا تھا کہ شریعت بل کے معاملہ میں ہماری آپس میں گفت و شنید ہو رہی ہے تو آپ نے کہہ دیا تھا کہ نہیں۔ تو لہٰذا یہ تحریکِ استحقاق نہیں بنتی۔

قاضی عبداللطیف : جناب والا! میری تحریکِ استحقاق وزیر صاحب

کے خلاف تو نہیں ہے ۔ میں تو یہ کہتا ہوں کہ رپورٹ غلط ہوئی ہے، خلاف واقعہ ہوئی ہے ۔

جناب قائمقام چیئرمین : جہاں تک اخبار کا تعلق ہے۔ اس سے نہ سینٹ کا اور نہ آپ کا کوئی استحقاق مجروح ہوتا ہے۔ چلئے قاضی صاحب کے احترام کے پیش نظر آپ فرمائیں۔ ویسے میرے نقطۂ نظر سے تو یہ تحریک استحقاق نہیں بنتی ۔

جناب شاد محمد خان : جناب والا! آپ رولنگ تو دے چکے ہیں۔

جناب قائمقام چیئرمین : جی تشریف رکھئے ۔ جناب شاد محمد خان صاحب نے پوائنٹ آف آرڈر کر دیا۔ ٹھیک ہے ۔ شکریہ جی ۔

جناب قاضی حسین احمد : جناب والا! ..... (مداخلت)

جناب قائمقام چیئرمین : نہیں قاضی صاحب ۔

قاضی حسین احمد : جناب والا! اس میں دو فرق ہیں ۔ جناب اس میں فرق ہے ۔

جناب قائمقام چیئرمین : جی فرمائیے ۔

قاضی حسین احمد : ایک تو جناب والا! اخبار میں اگر کسی کی رپورٹنگ نہیں ہوتی تو اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ وہ پریولیج نہیں بنتا ۔ دوسری صورت یہ ہے کہ اخبار میں غلط تاثر دے دیا جاتا ہے جبکہ ایوان کی کارروائی میں یہ بات واضح کر دی گئی تھی کہ حکومت کے ساتھ شریعت بل کے محرکین کے کوئی مذاکرات نہیں ہو رہے ہیں اور اخبار میں رپورٹنگ سے یہ تاثر دینے کی کوشش کی گئی کہ مذاکرات ہو رہے ہیں اس لئے یہ تو استحقاق والی بات ہے ۔

جناب قائمقام چیئرمین : یہی میں نے عرض کیا ہے کہ جب قاضی عبداللطیف صاحب نے اس کی تردید کر دی تھی اور وہ تردید بھی اخبارات میں آ گئی تھی اس لئے یہ کوئی استحقاق نہیں بنتا ۔

قاضی عبداللطیف : جناب والا! یہی تو میں کہہ رہا ہوں کہ تردید اخبارات

میں نہیں آئی ۔

جناب قائمقام چیئرمین : اب ایڈجرنمنٹ موشنز کو لیتے ہیں ۔ قاضی صاحب آپ تشریف رکھیئے ۔ ایڈجرنمنٹ موشن نمبر ۷ ، جناب مولانا کوثر نیازی صاحب ۔

مولانا کوثر نیازی : میری دو تحاریک التوا ہیں ، نمبر ۷ اور ۱۳ ، میں زین نورانی صاحب کی خواہش کے مطابق ۱۳ نمبر پہلے پڑھتا ہوں اور بعد میں ۷ نمبر ۔

جناب قائمقام چیئرمین : یہ زین نورانی صاحب کا اور آپ کا معاملہ ہے مووز آپ ہیں ۔

جناب زین نورانی : جیسے ان کی مرضی ہے ۔

جناب قائمقام چیئرمین : پھر آپ کون سی پڑھ رہے ہیں ؟

## ADJOURNMENT MOTIONS (I) *RE*: SUPPLY OF LATEST MODEL GUNS BY SWEDEN TO INDIA

مولانا کوثر نیازی : میں پہلے ۱۳ ۔ نمبر پڑھ رہا ہوں ۔ نیویارک ایسوسی ایٹڈ پریس آف پاکستان نے اطلاع دی ہے کہ سویڈن میں امن پسند تنظیموں نے سویڈش حکومت کے اس فیصلے پر زبردست احتجاج کیا ہے جس کے تحت بھارت کو ایک ارب دس کروڑ ڈالر کی جدید ترین توپیں فراہم کی جائیں گی ۔ یہ توپیں ۳۰ کلومیٹر سے زیادہ فاصلے پر صحیح نشانہ لے سکتی ہیں سویڈن تنظیموں نے کہا ہے کہ بھارت کو یہ توپیں ملنے سے پاکستان کے خلاف ہتھیاروں کی دوڑ میں اسے بہت زیادہ مدد ملے گی اور اس بات کا قوی امکان ہے کہ بھارت یہ توپیں متنازعہ علاقے کشمیر میں پاکستان کے خلاف استعمال کرے گا جہاں پہلے ہی سرحدی جھڑپیں جاری ہیں ۔ پاکستان اور آزاد کشمیر کے دفاع اور سلامتی کے نقطہ نظر سے یہ صورت حال تشویشناک ہے ۔ لہٰذا میں تحریک کرتا ہوں کہ ایوان کی کارروائی روک کر اس پر بحث کی جائے ۔

جناب قائم مقام چیئرمین : ارشاد فرمائیں ۔

مولانا کوثر نیازی : کیا وزیر صاحب oppose کر رہے ہیں یا accept کر رہے ہیں ؟

جناب زین نورانی : میں oppose کر رہا ہوں۔

جناب قائم مقام چیئرمین : یہ ایڈجرنمنٹ موشن ٹھیک پچاس سے شروع ہوئی ہے۔

مولانا کوثر نیازی : جناب والا! میں مسلسل بھارت کے مسئلے پر کچھ عرصہ سے اس ایوان میں تحاریک پیش کر رہا ہوں اور اس کا مقصود یہ ہے کہ حکومت یہ اندازہ لگائے کہ اس کی جو بھارت کے ساتھ پالیسی ہے یا رہی ہے، اس کے نتیجے میں حالات کتنے بگڑ گئے ہیں۔ پچھلی بار بھی اسی کے متعلق میں نے یہ بات عرض کی تھی اور یہ بات تحریکِ استحقاق میں تھی کہ راجیو گاندھی پر حملہ کو کس طرح پاکستان پر کیچڑ اچھالنے کا ذریعہ بنایا جا رہا ہے۔ اس وقت شاید صورتحال زیادہ واضح نہ تھی۔ ہمارے وزیر صاحب پوری طرح صورتِ حال سے باخبر نہ تھے۔ اب جتنی گھمبیر صورتِ حال اس مسئلہ میں سامنے آ رہی ہے اس سے انہوں نے اندازہ لگایا ہوگا کہ بھارت کے سفیر کو واپس طلب کر لیا گیا ہے، واپس نہیں بلکہ مشورے کے لئے طلب کر لیا گیا ہے اور ایک پراپیگنڈہ کا طوفان ہے جو پاکستان کے خلاف اٹھایا جا رہا ہے اور سویڈن حکومت نے جو اسلحہ بھارت کو دیا ہے وہ جدید ترین ہے اور ایک ارب دس کروڑ ڈالر کا ہے۔ اس پر پاکستانی حکومت کو تو کوئی تشویش لاحق نہیں ہوئی لیکن سویڈن میں رہنے والے انسان انصاف پسند باشندوں کی تنظیموں نے اس پر احتجاج کیا ہے کیونکہ ان کا کہنا ہے کہ ان ہتھیاروں کا اصل ہدف پاکستان بنے گا لیکن یہاں ہماری حکومت پاکستان کے عوام کو برابر اس غفلت میں مبتلا کرنے پر تلی ہوئی ہے کہ بھارت کے ساتھ سب اچھا ہے اس کے ساتھ ہمارے تعلقات بہت اچھے ہیں۔ ہماری دوستی آگے بڑھ رہی ہے اور ہم اس سلسلے میں بھارت کے بالمقابل جو رویہ اختیار کئے ہوئے ہیں وہ ہماری قومی خودداری اور ملی غیرت کے منافی ہے۔ اس پالیسی کے نتیجے میں جو مستقبل، جناب چیئرمین! نظر آ رہا ہے، پاک بھارت تعلقات کے ضمن میں، میں آج اس ایوان میں کہتا ہوں کہ وہ تاریک ہے۔ وہ خوش آئند نہیں ہے۔ وہ ایسا مستقبل نہیں ہے کہ جسے کسی طور بھی تابناک کہا جا سکے اور اس کی تمام تر ذمہ داری ہماری

حکومت پر عائد ہوتی ہے جس نے پاک بھارت تعلقات کو غلط طور پر ہینڈل کیا ہے اور اس ضمن میں عوام کو غلط فہمیوں میں بلکہ خوش فہمیوں میں مبتلا کیا ہے اور راجیو گاندھی کی قصیدہ گوئی کی ہے۔ اس کے جان و مال، زندگی اور سلامتی کے لئے دعائیں دی ہیں اور یہاں یہ خوشخبریاں سنائی گئی ہیں کہ راجیو گاندھی کا دورہ ہونے والا ہے اور جب وہ آئیں تو ان کے لئے آنکھیں فرش راہ کر دیں۔

جناب والا! میں یہ گزارش کروں گا کہ حکومت کا فرض تھا کہ سویڈن کی حکومت سے اس سودے کے خلاف احتجاج کرتی اور عالمی فورم پر وہ واضح کرتی کہ یہ اسلحہ پاکستان کے خلاف استعمال ہونے کا خدشہ ہے اور اس ضمن میں اب تک جس ڈیفنس پالیسی پر عمل کر رہی ہے اسے چھوڑ کر اب offensive پالیسی پر آ جائے لیکن مجھے افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ حکومت کے ذمہ کے کام سویڈن کی فلاحی تنظیمیں کر رہی ہیں اور حکومت کو اب تک اس ضمن میں کوئی خیال نہیں آیا کہ وہ اس ضمن میں اپنا فریضہ ادا کرے۔ قومی نقطہ نظر سے، اہمیت کے نقطہ نظر سے اور ملکی دفاع کے نقطہ نظر سے یہ بہت اہم مسئلہ ہے اس لئے میں یہ گزارش کروں گا کہ اس مسئلے پر بحث کی جائے بلکہ وزیر متعلقہ اگر تیار ہوں اور اپنی پالیسی کو اس قابل سمجھتے ہوں تو وہ ہم سے وعدہ کریں یا اعلان کریں کہ اگلے سیشن میں پاک بھارت تعلقات کے مختلف پہلوؤں پر بحث کرنے کے لئے تیار ہیں۔ یقیناً وہ کہہ سکتے ہیں کہ خارجہ پالیسی پر پارلیمنٹ بحث کر چکی ہے لیکن وہ تمام ممالک کے ساتھ وابستہ خارجہ پالیسی پر بحث تھی اس میں پاک بھارت تعلقات پر بحث کا حق ادا نہیں کیا جا سکتا تھا۔ یہ مسئلہ پاکستان کے وجود، پاکستان کی سلامتی، اس کے دفاع اور اس کے مستقبل کا ہے۔ اس لئے اس ایوان کے ممبران کا حق ہے کہ وہ حکومت کو اس کی غلطیوں پر ٹوک سکیں اور یہ جان بھی سکیں کہ آخر حکومت پاک بھارت تعلقات کے بارے میں کیا سوچ رکھتی ہے۔ اس لئے میں گزارش کروں گا کہ اس تحریک کو ایڈمٹ کیا جائے۔ تاکہ اس پر سیر حاصل بحث ہو سکے۔

جناب قائم مقام چیئرمین : شکریہ، جناب زین نورانی صاحب

**Mr. Zain Noorani :** Sir, I was under the impression that this stage was to speak about the admissibility. I was also under the impression that it is only once a year during the budget session and that too during the general discussion a person could spoke on anything on the surface of the earth. The proof of this Sir, is evident from the manner in which the honourable Finance Minister came marching into the Hall when he heard the tune of the honourable Senator's speech outside. He thought there was general discussion going on the budget and that his calendar had got mixed up. However, so far, the honourable Senator has not mentioned in what way this forms an adjournment motion?

Before I go further, I would like to make one point clear, as far as his contention is concerned that the Parliament of both the Houses should be given an opportunity to discuss the *Pak-Bharat* relations, I am sure, you would agree with me, *Pak-Bharat* relations form a part of the foreign policy of Pakistan as a whole and I for one, am of the firm opinion that merely having once foreign affairs debate in a year is not sufficient. I would like to have it more often than once in a year and I assure you that the Foreign Minister of Pakistan is due tomorrow and in consultation with him we shall fix a date most probably during the next session of both the National Assembly and the Senate for discussing the foreign policy of Pakistan. Whether Indo-Pak relations as such time is sufficient or not, it is the normal practice everywhere in the world that a member who considers a portion of a particular policy is more important, he devotes the first part of a speech and more time to that rather than going around the entire globe. So, I am sure the idea of having a debate on the foreign policy would meet the requirements of the honourable Senator. If you ask me today to give a date, I will not be able to do it but I assure him that I will endeavour my level best that in the next session there should be a foreign policy debate in both the National Assembly and the Senate or jointly as is decided by the Government.

As for as this adjournment motion is concerned Sir, it is hit by Rule 71(c), 71(f) and 71(j). If you want the details of why, I will give later on if it becomes necessary. Now unfortunately or may be

[Mr. Zain Noorani]

fortunately in view of the lengthy learned statement or speech made by the honourable Senator, if you will bear with me, I would like to make a few points clear. Just as the honourable Senator has seen the reports so as the Government of Pakistan seen the reports about the Indo-Swedish arms deal and we fully understand and share the concern shown by the honourable Senator. On the basis of the information available so far M/s. Bofars have contracted a deal with India to supply 1500 FH77BS Field Guns over a period of ten years. The contract also reportedly envisages constructions of one and possibly two arms manufacturing plants under licence to India. Though not officially confirmed so far the contract is estimated to involve an expenditure of about 3.3 billion US dollors. India obviously believes in double standards. It has been relentlessly pursuing a programme of acquiring ultra modern weapons on a mortal scale. The members of this august House are aware of the agreements. India has signed with the USSR, UK, France and West Germany. The Swedish deal is just the latest. While itself embarked upon a programme of militarization, India on the other hand has been persistanly critical of Pakistan's most modest, recent defence purchases for replacement of its outmoded and obsolete armament. The crude Indian policy has been well understood by every one in the world and hardly any one now gives credence to India's frequent attempts to cry wolf against Pakistan in an attempt to mislead international public opinion. Pakistan on its part adheres to the principles that all countries have the soverign right to acquire weapons for self-defence, and has accordingly refrained from criticising India.

It is our desire that the precious resources of South Asia be diverted not to a futile arms race. We should stead fastedly maintain a policy of establishing a tension free good neighbourly and cooperative relationship with India. This does not however mean that Pakistan would in any way neglect its legitimate defence needs. The House can rest assured that the Government of Pakistan is fully concious of its responsibility to maintain an effective deterrent capability but at the same time just as Pakistan does not allow or does not take kindly to any other country criticising our arms purchases because we think it is our sovereign right to purchase whatever we can afford. Similarly we will not interfere or criticise whatever any other country wants to purchase. Our duty to our people and our nationals is to safeguard our frontiers and *Insha Allah* we shall continue to do so without compromising Pakistan's interest in any way. I thank you, Sir.

جناب قائم مقام چیئرمین : مولانا کوثر نیازی۔

مولانا کوثر نیازی : جناب والا! وزیر صاحب کی یقین دہانی کے بعد کہ خارجہ پالیسی پر دونوں ایوانوں میں اگلے سیشن میں بحث ہو گی، میں اپنی تحریک پر زور نہیں دیتا۔

جناب قائم مقام چیئرمین : شکریہ، آپ تحریکِ التوا نمبر ۷ پیش کریں۔

مولانا کوثر نیازی : اخباری اطلاعات مظہر ہیں کہ ملک میں درآمد کنندگان اور سرکاری ایجنسیوں کی وضاحتوں کے باوجود سؤر کی چربی اور تیل درآمد کیا جا رہا ہے، تجارتی ذریعوں نے اعلیٰ سطحی حوالے سے بتایا ہے کہ سرکاری ریکارڈ میں یہ درآمدہ سؤر کی چربی۔ - - (مداخلت)

جناب زین نورانی : جناب یہ سات نمبر نہیں ہے۔

جناب قائم مقام چیئرمین : جی ہاں سات نمبر نہیں ہے، دراصل آپ کی تحاریک کافی دنوں سے اکٹھی ہو چکی ہیں - اس لئے آپ وہ پڑھنے لگے۔

## (II) *RE*: MISAPPLICATION OF FUND BY P.I.A.

مولانا کوثر نیازی : جی ہاں، کراچی کے نیوز ویکلی "اورینٹ ٹائمز" نے اپنی پانچ جولائی کی اشاعت میں پی آئی اے کی طرف سے قومی سرمائے کے بے دردانہ ضیاع کی بعض ایسی تفصیلات پیش کی ہیں جو عوامی اہمیت کی حامل بھی ہیں اور حکومت کی طرف سے فوری کارروائی کی متقاضی بھی، اخبار نے بتایا ہے کہ پی آئی اے نے کراچی کی ایک با اثر خاتون کو ایک کروڑ پچاس لاکھ روپے بطور کرایہ ادا کئے ہیں تاکہ موصوفہ کے "افضل سٹورز" میں علاج معالجے کے لئے ایک تشخیصی سنٹر قائم کیا جائے، افضل سٹورز کی رینوویشن کے لئے مزید چالیس لاکھ روپے کے اخراجات اس کے علاوہ ہیں۔ اسی طرح ایک اور مثال وہ بنگلہ ہے جو کے ڈی اے اسکیم نمبر ا میں واقع ہے، جسے پی آئی اے نے اٹھائیس ہزار روپے ماہوار پر تین سال کا پیشگی کرایہ دے کر حاصل کیا ہے۔ دو سال تک یہ بنگلہ خالی رہا اس میں پروگرام کے مطابق پی آئی اے

[Maulana Kausar Niazi]

کے ہسپتال کا psychiatric wing قائم نہیں ہو سکا اب معاہدے کے مطابق ایک سال کے اندر یہ بنگلہ مالک کو واپس کر دیا جائے گا۔ پی آئی اے میں قومی سرمائے کے اس بے دردانہ استعمال سے قومی حلقوں میں سخت تشویش پھیل گئی ہے، لہٰذا میں تحریک کرتا ہوں کہ ایوان کی کارروائی روک کر اس مسئلہ پر بحث کی جائے۔

**Mr. Zain Noorani:** Opposed.

**مولانا کوثر نیازی:** جناب والا! مجھے اس تحریک کی admissibility کے بارے میں چنداں وضاحت کی ضرورت اس لئے نہیں ہے کہ واضح طور پر رولز میں یہ موجود ہے کہ

it shall relate to a matter which is primarily the concern of the Government or to a matter in which the Government has substantial financial interest.

اور ظاہر ہے کہ اس میں قومی خزانے کا بے دردانہ اتلاف ہو رہا ہے اور یہ کروڑوں روپے جو مختلف مکانات لے کر لوگوں کو نوازنے کے لئے استعمال ہو رہے ہیں ان سے پی آئی اے خود اپنی تعمیرات کر کے اس سرمائے کو صحیح طور پر استعمال کر سکتی تھی، حقیقت یہ ہے کہ پی آئی اے کے مسئلے پر بھی اس ایوان میں اب تک جتنی تحریکات پیش ہوئی ہیں اور ان کا جو حاصل سامنے آیا ہے اس کی روشنی میں یہ بے جا نہ ہوتا اگر اس کے لئے بھی بحث کا ایک مخصوص دن مقرر کیا جاتا تاکہ پی آئی اے جو ہماری قومی فضائی کمپنی ہے اس کے مختلف پہلوؤں پر ہم سیر حاصل بحث کرتے اور حکومت کے سامنے اور پی آئی اے کے سامنے عوام کے نمائندوں کے صحیح جذبات آتے اور ان کی روشنی میں وہ پی آئی اے کی سروس کو اور اس کی تنظیم کو زیادہ صحیح خطوط پر استوار کر سکتے۔ لیکن اس طرح کا کوئی وعدہ اب تک حکومت کی طرف سے سامنے نہیں آیا۔ مجھے امید ہے کہ اس تحریک کے نتیجے میں شاید زین نورانی صاحب اس ضمن میں بھی کوئی یقین دہانی کرا سکیں، تاکہ پی آئی اے پر ایک دن اس ایوان میں تفصیل سے بحث کی جا سکے ورنہ یہ تحریک جو ہے یہ تو ایڈمٹ ہونی چاہیئے، کیونکہ اس میں واضح طور پر رولز جن کا

میں نے حوالہ دیا ہے اس میں یہ تحریک آتی ہے اور اس کی ایڈمشن میں کوئی hurdle موجود نہیں ہے ۔

**جناب قائم مقام چیئرمین :** جی جناب زین نورانی صاحب ۔

**جناب زین نورانی :** سر میں اس ایڈجرنمنٹ موشن کی ایڈمسبلٹی پر آنے سے پہلے آپ سے ایک guidance seek کرنا چاہتا ہوں۔ جو کچھ آنریبل سینیٹر صاحب نے رولز کا حوالہ دیتے ہوئے کہا، اس کے بعد کسی کا پریولیج بریچ ہوا یا نہیں ہوا رول نمبر اے ۔ ۔ ۔ ۔ (مداخلت)

**Mr. Ahmed Mian Soomro :** Sir, is it a privilege motion or an adjournment motion?

**جناب قائم مقام چیئرمین :** ایڈجرنمنٹ موشن ۔

**جناب زین نورانی :** تو میں یہ پوچھ رہا ہوں کہ اگر ایک غلط بیانی کی جائے یا کوئی ایسی دلیل دی جائے جو درست نہ ہو، تو کسی کا پریولیج بریچ ہوتا ہے یا نہیں، یہ پوچھ رہا ہوں ۔

In raising an adjournment motion, if someone cites a rule in a manner which is not correct then is it a breach of privilege of somebody else or not? That is the guidance I am seeking from the Chair. Why? Because it has been stated over here that according to Rule 71 (f) which says, "it shall raise a matter which is primarily the concern of the Government," since this is a matter in which the Government has substantial interest, therefore, it is in order.

Sir, what does Rule 71 say. It says, "a motion shall not be admissible unless it satisfies the following conditions, namely a,b,c,d,e,f and so on." So if it does not meet any of the conditions in a,b,c,d,e,f, then it falls through. The rule does not say that if it meets any of these conditions it will be admissible. So to say this in the House is to take the rule to a bit of an exaggeration. That is all I was trying to say.

Now, Sir, as far as this adjournment motion is concerned, first of all although it may have been printed on the 5th of July as stated, this concerns matters which took place in 1984 and 85. Therefore, it

gets knocked off by Rule 71 (a). Then according to the notice itself it relates to some building which belongs to 'Afzal Stores' where a diagnostic centre of PIA was set up.

It also next relates to another banglow in KDA Scheme No. 1, where a hospital was set up supposed to be belonging to some lady. So only on these two counts, it is more than one issue, so it gets knocked off under Rule 71(b).

Then we come to what I have already said that it is a matter which has not happened recently. Agreement for the Afzal Store and for the Banglow and the hospital was signed in 1984 and 85. So it is knocked off by Rule 71 (c). Then to say that all of a sudden the people of Pakistan are very much concerned. How they could be very much concerned to-day when they have not been concerned since 1984-85.

؎ قہر تو یہ ہے کہ کافر کو ملیں حور و قصور
اور بیچارے مسلماں کو فقط وعدۂ حور

انہوں نے آپ کے طریقے کے لئے ان کے بچے بچے کو یہ احساس ہے کہ قانون کا تحفظ اور حفاظت کرنا میرا فرض ہے بچپن سے اس کو یہ تربیت اور تصور دیا جاتا ہے کہ یہ قانون جو بنایا جا رہا ہے آپ کے فائدے اور ملک کے مفاد کے لئے ہے۔ ان کو وطنیت اور قومیت کا ایک تصور دیا گیا ہے۔ میں عرض کروں گا کہ کوئی ملک بھی ہو اگر اس کے پاس کوئی نظریہ نہیں ہے کوئی عقیدہ نہیں ہے تو وہ ملک باقی نہیں رہ سکتا ہے۔ آج ہم یہ سمجھ ہی نہیں رہے کہ کہاں جا رہے ہیں، ہمارا نظریہ، عقیدہ اور منزلِ مقصود کیا اور کہاں ہے؟

؎ یاران تیز گام نے منزل کو جا لیا
ہم محوِ نالۂ جرسِ کارواں رہے

ہمیں آج تک یہ معلوم اور محسوس نہیں ہو رہا ہے شروع سے لے کر آج تک یہ نعرہ لگا رہے ہیں کہ یہ ایک نظریاتی ملک ہے اور آج بھی یہ کہا جا رہا ہے کہ اسلام کے نظریئے کے بغیر یہاں کوئی نظریہ نہیں آ سکتا۔ میں گزارش کروں گا کہ خدا کے لئے اسلام کا تحفظ اس

[Qazi Abdul Latif]

طریقے سے نہیں ہوتا۔ اسلام کو بدنام کیا جا رہا ہے یہ انقلاب صرف اسلام کے نام سے نہیں رکے گا جو آج تمہاری سرحدات پر دستک دے رہا ہے۔ اگر میں یہ کہوں

شفق نہیں مغربی افق پر
یہ جوئے خون ہے یہ جوئے خون ہے

یہ جو اعلان سرخ انقلاب کا کیا جا رہا ہے یہ شفق نہیں ہے یہ واقعتاً جوئے خون ہے اور وہ انقلاب آ رہا ہے۔ اس کو روکنے کے لئے کچھ نظریہ کی ضرورت ہے۔ یورپ نے اپنی قوم کو ایک وطنیت و قومیت کا نظریہ دیا ہے لیکن آپ کا قیاس غلط ہوگا اگر آپ اپنی قوم کا قیاس یورپ پر کریں گے اس لئے کہ ایشیاء کا مزاج مذہبی ہے آدم علیہ السلام کا نزول ایشیاء میں ہندوستان میں ہوا ہے یہاں کا مزاج مذہبی ہے یہاں سے اگر مذہب رخصت ہوتا ہے تو آپ کے پاس کچھ نہیں رہتا۔

اپنی ملت پر قیاس اقوام مغرب سے نہ کر
خاص ہے ترکیب میں قوم رسول ہاشمی

حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے جو قومیت بنائی وہ اور تھی وہ یہ قومیت تھی کہ حضرت عبدالرحمٰن نے ایک مرتبہ حضرت ابو بکر صدیق رض سے کہا کہ میدان جنگ میں آپ میرے سامنے آگئے تھے میرے نیزہ کی زد پر تھے اور اگر میں چاہتا تو آپ پر وار کر کے ختم کر سکتا تھا لیکن میں نے یہ لحاظ کیا کہ یہ میرے باپ ہیں اس لئے میں آپ سے نظر بچا کر دوسری طرف چلا جاتا تھا لیکن حضرت صدیق رض نے کیا کہا۔ انہوں نے کہا خدا کی قسم اگر تم میرے نیزہ کے سامنے آتے تو کبھی یہ ادھر ادھر نہ جاتا اس لئے کہ آپ کی قومیت علیحدہ تھی اور میری قومیت علیحدہ تھی۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جو سکھلایا وہ علیحدہ چیز تھی آج اس کا افغانستان ثبوت دے رہا ہے۔ ہمارے پاس کوئی نظریہ نہیں ہے۔ ہم دیکھ رہے ہیں۔۔۔۔ (مداخلت)

جناب راحت سعید چھتاری : پوائنٹ آف آرڈر سر۔ حضور والا! ستر سال [illegible] جہاں تک میں اسلام کو سمجھا ہوں اس میں قومیت اور وطنیت کا کوئی Concept نہیں ہے۔

جناب قائمقام چیئرمین : قاضی صاحب کا مطلب یہی ہے جو کچھ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے قومیت اور وطنیت کے متعلق فرمایا ہے اس کو بیان کر رہے ہیں ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ (مداخلت)

قاضی عبداللطیف : میرا مطلب یہی ہے کہ ملت اسلامیہ میں وطنیت اور قومیت نہیں ہے میں یہ بتلانا چاہتا ہوں کہ یورپ نے اپنے تحفظ کے لئے ایک نظریہ دیا ہے اور میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ ہمارے پاس بھی کوئی نظریہ ہونا چاہیئے۔ آج تک ہمارے پاس کوئی نظریہ ہی نہیں ہے اس نظریئے کی بنیاد پر اقوام کا استحکام ہوتا ہے۔ میں عرض کروں گا کہ اسلام اور قرآن نے جو طریق اصلاح بتلائے ہیں۔ آج ہم کہتے ہیں کہ پولیس کی بھرتی کو بڑھایا جائے اس کو اسلحہ دیا جائے اس کو مستحکم کیا جائے اس کی تنخواہیں بڑھائی جائیں لیکن اس سے کبھی بھی امن قائم نہیں ہوگا کیونکہ اس نے ابتداء انسان کے اپنے وجود سے کی ہے کہ پہلے پہلے انسان اپنے وجود کی اصلاح کرے اور قرآن کریم نے بتلایا ایسی بات کیوں دوسروں سے کہتے ہو کہ جس پر آپ خود عمل نہیں کرتے۔ اور فرمایا کہ یہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک ایک بہت بڑا جرم ہے تو مقصد کیا ہوا کہ پہلے پہلے تم خود اپنی اصلاح کرو۔ قرآن کریم نازل ہوا ہے رمضان شریف میں۔ اور اس پر عمل درآمد کرانے کے لئے سب سے پہلے یوں ہی کیا گیا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے روزے فرض کر دیئے ہیں۔ کیوں؟ تاکہ ٹریننگ ہو جائے، کہ اللہ تعالیٰ کے حکم کے مطابق آپ نے اپنی کمائی کو بھی چھوڑ دینا ہے۔ جو جائز خواہشات ہیں معمول کے مطابق آج وہ بھی آپ کے لئے ناجائز ہیں۔ تو اللہ تعالیٰ نے ان کو یہ ٹریننگ دیتی تھی۔ اس کے بعد دوسرا مرحلہ آتا ہے۔ اپنے گھر کو سنبھالنے کا۔ تیسرا مرحلہ آتا ہے اپنے قبیلے کو سنبھالنے کا اللہ تعالیٰ نے فرمایا اپنے قبیلے کو سنبھالو۔ اور اس کو اللہ تعالیٰ

کے عذاب سے ڈرائیں۔ اور چوتھا مرحلہ آتا ہے اپنے ملک اور اپنے ملک کے باشندوں کو سنبھالنے کا۔ اور پانچواں مرحلہ یہ آتا ہے کہ عالم انسانیت کی عالمگیر سطح پر اصلاح، اور قرآن کریم نے اسی کے متعلق فرمایا تھا تم تمام لوگوں کے لئے نکالے گئے ہو اور تمام لوگوں کی اصلاح تمہارا فریضہ ہے۔ قرآن شریف نے اصلاح کے لئے طریقہ کار یہ بتلایا تھا کہ اس کی اصلاح اس طریقے سے ہونی چاہیئے۔

میں گزارش کروں گا کہ سب سے پہلے ہمارے لئے ضرورت اس چیز کی ہے کہ ہم اپنے قانون کو تبدیل کریں۔ قانون کو اگر تبدیل کرنا ہے تو پھر وہ قانون لانا چاہیئے کہ جو قانون یقینی ہے جو اٹل ہے اور خدا کے قانون کے سوا کوئی قانون یقینی اور اٹل نہیں ہے۔ دنیا کے اندر جتنے بھی قوانین بنتے ہیں وہ ظن و تخمین پر ہوتے ہیں۔ اقبال رحمتہ اللہ علیہ نے اسی پر فرمایا تھا

عقل بے مایہ امامت کی سزاوار نہیں

فرمایا کہ اگر ظن و تخمین ہو تو زندگی کبھی آرام سے نہیں گزر سکتی۔ تو سب سے پہلی چیز یہ ہے کہ قانون کو تبدیل کیا جائے۔ قانون کی تبدیلی کے ساتھ ساتھ جو لوگ اس کو چلانے والے ہیں اب ان کے اندر بھی اصلاح ہو۔ یہ دوسرا مرحلہ ہے اس کا۔ ہمارے نزدیک اور اسلام کے نزدیک اور تمام دنیا کا طریقہ کار یہ ہے کہ جو لوگ اپنے قانون پر اعتماد نہیں رکھتے.... (مداخلت) جناب چیئرمین! میں گزارش کروں گا کہ میری تقریر میں یہ مداخلت ہو رہی ہے۔ یہ مجلس کر رہے ہیں اور ان کو روکا جائے اور وہ نعرہ کر رہے ہیں، تعجب کی بات یہ ہے۔ یہ ذمہ دار ہیں اس ہاؤس کے۔

جناب قائمقام چیئرمین: عدل و انصاف اور پارلیمانی امور کے سٹیٹ منسٹر، مروت صاحب متوجہ ہوں۔

میر نواز خان مروت: یہ الزام تراشی ہو رہی ہے۔

قاضی عبداللطیف: جناب والا! ایک ~~عدل ہوا~~ ایک انصاف ہوا ایک مروت ہوئی یہ ساری چیزیں ان میں ہوئیں تو اس کے باوجود بھی اگر یہ مداخلت کریں تو میں کیا کہوں کہ یہ کس کا مصداق ہیں۔

**جناب قائمقام چیئرمین** : پھر مروت اور مروّت میں فرق ہو جائے گا۔ جی قاضی صاحب فرمائیے۔ میری آپ کے لئے گزارش ہے کہ آپ نے ۳۵ منٹ لے لئے ہیں۔ پانچ منٹ تک آپ ختم کیجئے۔ میں معزز اراکین کا بہت مشکور ہوں کہ کورم قائم ہے۔

**قاضی عبداللطیف** : میرے خیال میں یہ پہلی مرتبہ ہے کہ آپ فرما رہے ہیں کہ وقت کا تعین ہونا چاہیئے۔ آج تک جتنی بھی تقاریر ہوئی ہیں میرے خیال میں کسی کو بھی یہ نہیں کہا گیا کہ آپ کا وقت ختم ہے یا آپ نے وقت کا تعین کرنا ہے۔

**جناب قائمقام چیئرمین** : نہیں۔ بالکل نہیں جی۔ میں معافی چاہتا ہوں فیصلہ یہ ہوا تھا کہ آدھ گھنٹہ تک بولیں گے۔ آپ نے ۳۵ منٹ لے لئے ہیں دس منٹ اور لے لیں جی۔ جہاں تک آپ کی ذات کا تعلق ہے، بولنے کے سلسلے میں، میں اپنے آپ کو withdraw کرتا ہوں۔ بہرحال ایوان کے باقی معزز اراکین کا ذرا خیال رکھتے ہوئے میں نے آپ سے گزارش کی ہے۔ جی جناب قاضی صاحب۔

**قاضی عبداللطیف** : میرا خیال ہے کہ آپ نے سمجھ لیا ہے کہ میں اپنے موضوع سے ہٹ گیا ہوں۔ اس لئے کہ میں خالص اسلام کی طرف آ رہا ہوں اور یہ اس ایوان کے لئے مناسب نہیں ہے۔

**جناب قائمقام چیئرمین** : جہاں تک میری ذات کا تعلق ہے آپ بالکل میرے ذہن اور سوچ کے مطابق فرما رہے ہیں۔

**قاضی عبداللطیف** : میں گزارش کر رہا ہوں کہ قانون کا بدلنا اولین ضرورت ہے اس کے بعد تربیت کی ضرورت ہے کہ جو قانون چلانے والے ہیں ان کو تربیت دی جائے۔ اگر یہ دو چیزیں ہو جاتی ہیں تو ان کے بعد یقینی طور پر ملک میں امن قائم ہو سکتا ہے۔ اس وقت کہا جا رہا ہے کہ ملک کے اندر رشوت ستانی ہے۔ میں عرض کروں گا کہ بعض قوانین کے ذریعے سے ہم نے رشوت خوروں کو تحفظ دیا ہوا ہے۔ مثال کے طور پر میں عرض کروں

[Qazi Abdul Latif]

گا کہ 17 گریڈ اور اس کے اوپر کے افسروں سے متعلق جب تک منظوری نہیں لی جائے گی محکمہ اینٹی کرپشن ان کے خلاف کیس درج نہیں کر سکتا۔ یہ دیدہ دانستہ ہم نے ان کو تحفظ دیا ہوا ہے۔ اسی طرح ۱۹۸۰ء میں ایک آرڈیننس جاری کیا گیا تھا کہ بجلی کے بل اگر غلط آ جائیں تو جتنی رقم بل کے اندر آئی ہے، عدالت کی طرف آپ رجوع کر سکتے ہیں لیکن وہ بل پہلے داخل کرنا پڑے گا۔ بل جب پہلے داخل کرنا پڑے گا اگر کسی کا بل حقیقت میں پانچ ہزار کا ہے اور اسے پچاس ہزار کا بل دے دیا گیا ہے تو اس کا مقصد یہ ہے کہ وہ پچاس ہزار روپیہ پہلے داخل کرے گا اور پھر یہ معلوم نہیں ہے کہ وہ چار سال تک یا پانچ سال تک مقید رہتا ہے کب تک رہتا ہے۔ اب وہ یہ تصور کرتا ہے کہ اگر پانچ سال تک میرا پچاس ہزار روپیہ قید رہتا ہے تو دو تین ہزار روپیہ اگر میں رشوت اسے دے دیتا ہوں تو میری مصیبت ختم ہو جاتی ہے۔ تو میں گزارش کروں گا کہ بعض قوانین ہمارے ایسے ہیں۔

میری گزارش یہ ہو گی، مثلاً پبلک سروس کمیشن ہے۔ یہ انگریزوں کا بنایا ہوا ادارہ تھا، ہمارے نوجوانوں کو پریشان کرنے کے لئے۔ ہو سکتا ہے انہوں نے اس میں کچھ حکمتیں بنائی ہوں۔ آج تک ہم ان حکمتوں کو رٹ رہے ہیں۔ لیکن خود ان کے ملک میں یہ دستور کیوں نہیں ہے۔ وہ اپنے جوانوں کے لئے یہ دستور کیوں نہیں بناتے۔ اگر واقعی وہ لوگ سامنے لاتے ہیں کہ جو قابل ترین ہوں تو اس کے لئے اہتمام کیا جا سکتا ہے تعلیم کے اندر بھی لیکن اس کے بعد ادارے در ادارے، اسی طرح دفاتر کا نظام کار۔ ایک کام ہوتا ہے جو ایک دفتر میں ہو سکتا ہے لیکن اسے جانا پڑتا ہے تین چار پانچ دفتروں کے اندر۔ تو میری گزارش ہو گی کہ جب تک آپ قانون اور طریقہ کار دونوں کو نہیں بدلیں گے اس وقت تک ملک میں امن و امان قائم نہیں ہو سکتا۔ جناب والا! ہم ہمیشہ یہ کہا تو کرتے ہیں کہ امن کی ذمہ داری مشترکہ ہے۔ حکومت اور عوام دونوں کی ہے۔ الفاظ کے لحاظ تک تو یہ بات صحیح ہے کہ دونوں کی مشترکہ ہے لیکن دونوں کا اشتراک کس طریقے سے ہو۔ اشتراک اس طرح

نہیں ہو سکتا کہ آپ اپیل کریں کہ آپ کی بھی ذمہ داری ہے۔ اس کا طریقہ کار یہ ہو سکتا ہے کہ جس علاقہ میں خصوصاً چوری یا ڈاکہ کی واردات ہو تو وہاں کے ایس پی اور ایس ایچ او، دونوں کو اس کا ذمہ دار قرار دیا جائے۔ ان کے تعاون کے لئے ضروری طریقہ کار یہ ہو سکتا ہے کہ اس علاقے کے لوگوں کو اجتماعی طور پر ذمہ دار قرار دیا جائے۔ اگر آپ تین چار مرتبہ ایسا کرتے ہیں تو یقین مانیئے کہ اس علاقے میں امن قائم ہو جائے گا۔ آج ہمارے قبائل کے اندر بھی یہی دستور ہے اور یہی وجہ ہے کہ آپ کے اس مہذب علاقے سے، اس سیٹلڈ علاقے سے، جس کو ہم قانون کا علاقہ کہتے ہیں اور انہیں ہم کہتے ہیں کہ یہ جنگل کا علاقہ ہے، مگر اس جنگل کے علاقے میں امن زیادہ ہے اور یہاں اس علاقے میں امن نہیں ہے۔ وہاں کسی کی چوری نہیں ہوتی ہے اور نہ کوئی ڈاکے ہوتے ہیں۔ قومی جھگڑے الگ بات ہے، وہ ملکیتوں پر ہوتے ہیں، وہ قومیتوں پر ہوتے ہیں لیکن یہ کہ کسی کی چوری ہو جائے، کسی پر ڈاکہ پڑ جائے، کسی کا کوئی اغوا ہو جائے یا کوئی زنا ہو جائے، یہ چیزیں تقریباً وہاں ناپید ہیں اور مفقود ہیں۔ اگر یہاں بھی یہی طریقہ کار اپنایا جائے کہ ان علاقوں میں جن میں یہ چوریاں ہو رہی ہیں، اجتماعی طور پر متعلقہ ذمہ دار اشخاص کو مجرم گردانا جائے اور ان پر جرمانے عائد کئے جائیں تو اس طریقے سے آپ یقین جانیئے کہ امن کا صحیح نفاذ ہو سکتا ہے۔

بہرحال میں اب کیا عرض کروں آپ نے فرمایا ہے کہ میرے پانچ منٹ ہیں۔ اس لئے میں اختصار ہی کروں گا اور آخر میں پھر یہ عرض کروں گا کہ جس وقت تک قانون اور طریقہ کار میں تبدیلی نہیں کی جائے گی اس وقت تک امن قائم نہیں ہو سکے گا۔ وآخر دعوانا ان الحمد للہ رب العالمین۔

جناب قائمقام چیئرمین : شکریہ قاضی صاحب، شیخ علی محمد صاحب۔

شیخ علی محمد : شکریہ جناب چیئرمین، لاء اینڈ آرڈر کے مسئلے پر کافی بحث ہو چکی ہے اور ہمارے دوستوں نے کافی تجاویز دی ہیں۔ بہرحال

[Sheikh Ali Muhammad]

میں مختصراً اس کے بارے میں عرض کروں گا۔

جناب والا! سندھ میں لاء اینڈ آرڈر کی صورت حال واقعی خراب ہے۔ وہاں حالات ٹھیک نہیں ہیں انہیں ٹھیک کرنا چاہیئے۔ لیکن اس کے لئے بعض دوستوں نے جو تجاویز دی ہیں وہ کچھ سمجھ میں نہیں آتیں۔ کچھ دوستوں نے کہا ہے کہ وہاں مارشل لاء لگائیں یا وہاں گورنر راج نافذ کریں ہم جناب پوچھتے ہیں کہ ۵ جولائی ۱۹۷۷ء سے لے کر ۳۰ دسمبر ۱۹۸۵ء تک کس کا راج تھا؟ وہ گورنر کا راج تھا، وہ مارشل لاء کا راج تھا اور یہ ساری خرابیاں اس دور کی وجہ سے آئی ہیں۔ اس سے پہلے نہ وہاں چوریاں ہوتی تھیں اور نہ ڈاکے پڑتے تھے اور نہ ڈاکوؤں کی ٹولیاں ہوتی تھیں۔ یہ کہاں سے آئے ہیں، یہ جناب ساری پیداوار مارشل لاء کی ہے اور پھر آپ کہتے ہیں کہ مارشل لاء لگائیں۔ یہ بات بالکل غلط ہے۔ یہ تو وہی بات ہوئی کہ کوئی گویا گا رہا تھا تو رئیس نے کہا کہ مالکوس سناؤ، اس نے جواب دیا کہ جناب مالکوس گا رہا ہوں، رئیس بولا کہ پھر ٹھیک ہے۔ میں سندھ کے بارے میں عرض کرتا ہوں کہ آپ مارشل لاء کی بات کرتے ہیں میں کہتا ہوں کہ وہاں اب بھی مارشل لاء کے بڑے بڑے افسر بیٹھے ہیں۔ جب بھی مارشل لاء آیا ہے اس میں سندھ کے لوگوں کی بڑی تذلیل ہوئی ہے۔ ان کے ساتھ زیادتیاں ہوئی ہیں جن کی تفصیل میں بعد میں بتاؤں گا۔ اس لئے کہ وہاں کے مسئلے کا یہ حل نہیں ہے کہ وہاں گورنر راج نافذ کریں یا کوئی دوسرا راج بلکہ اس کا حل یہ ہے کہ صحیح بات کرو۔ صحیح بات یہ ہے کہ ہر علاقے کے جو مقامی آدمی ہوتے ہیں وہی لاء اینڈ آرڈر کی صورت حال برقرار رکھ سکتے ہیں۔

ہمارے ہاں، جناب والا! پولیس کا یہ حال ہے کہ اس میں کوئی سندھی افسر نہیں ہے، آئی جی سندھی نہیں ہے۔ ڈی آئی جی سندھی نہیں ہے، سندھ سے آپ کو پرائم منسٹر تو مل سکتا ہے لیکن کوئی آئی جی نہیں مل سکتا جناب والا! ایک سندھی آئی جی تھا، وہ ایک سینئر آفیسر ہے، اس کا نام بشیر صدیقی ہے، وہ صرف نو ماہ آئی جی رہا۔ ان نو مہینوں میں ۲۰۰ ڈاکو مارے گئے جن میں

چانڈیو ڈاکو مارا گیا، قربان بدر مارا گیا اور ڈھائی سو کے قریب ڈاکو پکڑے گئے اور دو ڈھائی سو بھاگ گئے۔ اس عرصے میں کیا ہوا کہ وہاں سندھ میں پولیس کے محکمہ میں دو چار ہزار آسامیاں خالی تھیں ان کی بھرتی ہونی تھی پتہ نہیں کس کو کیا سوجھی، آئی جی صاحب کو واپس بھیج دیا گیا۔ بھائی کیوں؟ کیا اس میں کوئی خرابی تھی؟ کیا لاء اینڈ آرڈر کی صورت حال خراب کر رہا تھا؟ جناب والا! وہاں حالات اچھے ہو رہے تھے لیکن دانستہ اس کی جگہ ایک دوسرا آدمی بھیجا گیا تاکہ سندھ میں کہیں پولیس سندھی نہ ہو جائے اور اس کے علاوہ بشیر صدیقی کے واپس جانے کے بعد سولہ سو سندھی پولیس سے نکالے گئے ہیں۔ جب جناب ایسے حالات ہوں گے تو میرے بھائی! وہاں کیسے لاء اینڈ آرڈر کی صورت حال ٹھیک ہو گی۔ ہم جناب آج بھی کہتے ہیں کہ وہاں آئی جی سندھی بھیجیں، مقامی آدمیوں کو پولیس میں رکھیں ہمارے ہاں ایسے ایسے ایس پی بیٹھے ہیں جن کو یہ تک پتہ نہیں ہے کہ یہ راستہ کہاں جاتا ہے۔ دریا کا پتن کون سا ہے، فلاں چوکی کون سی ہے، بس وہ صاحب آرام سے بیٹھے ہوئے ہیں۔ آپ وہاں مقامی آدمیوں کو جگہ دیں، ان کو رکھیں، وہاں پولیس میں وہاں کے ڈی ایس پی رکھیں تو پھر وہ وہاں کے مقامی آدمیوں سے تعاون حاصل کریں۔ جب تک وہاں کی مقامی آبادی تعاون نہیں کرے گی، آپ کا کچھ کام نہیں ہو گا۔

جناب والا! میں مقامی پولیس کے علاوہ یہ بھی عرض کروں گا کہ وہاں کی پولیس کو بھی وہی ہتھیار دیئے جائیں جو ڈاکوؤں کے پاس ہیں، ڈاکوؤں کے پاس تو کلاشنکوف ہیں اور پولیس والوں کے پاس بندوقیں ہیں، وہ ایک برسٹ مارتے ہیں، اس سے دس آدمی مر جاتے ہیں۔ میں یہ کہتا ہوں کہ آپ انکو کلاشنکوف دیں۔ آپ ان کو اچھی گاڑیاں دیں۔ ان کو اس قابل بنائیں کہ وہ ڈاکوؤں کا مقابلہ کر سکیں۔ پولیس کی نفری بڑھائیں اور وہاں کے مقامی آدمیوں کو پولیس میں بھرتی کریں۔ جناب والا!

[Sheikh Ali Muhammad]

سندھ کے عوام بڑی مصیبت میں مبتلا ہیں۔ ایک تو قانون شکن عناصر کی وجہ سے اور دوسرے جو لاء ان فورسنگ ایجنسیز ہیں ان کی وجہ سے۔ لاء ان فورسنگ کے لئے جو آدمی بھیجے گئے ہیں انہوں نے وہاں قیامت ڈھا دی ہے۔ احمد خان برمانی، صادق ماچھی اور دوسری جگہوں پر کیا ہوا ہے، وہاں لوگ مارے گئے ہیں، ان کو بے عزت کیا گیا ہے ان کو کہا کہ پیشاب پیو، یہ کرو اور وہ کرو۔ کیوں؟ کیا سندھ کے آدمی غلام ہیں؟

(شیم۔شیم۔شیم)

سندھ کو آپ نے کیا سمجھا ہے۔ اس کے بعد بھی لوگ کہتے ہیں کہ صاحب، وہاں مارشل لگاؤ تاکہ سندھ میں حالات اور بھی بگاڑے جائیں۔ جناب! یہ بات نہیں چلے گی۔

جناب والا! میری آپ ایک بات سنیں، سندھ میں آج کل بڑی بحث چل رہی ہے۔ یہ کوئی مذاق کی بات نہیں ہے کہ آج سندھ میں کنفیڈریشن کا نعرہ لگ رہا ہے، آپ نے یہ سنا ہو گا، آپ اس کو اتنا آسان نہ سمجھیں، سلوگن میں بڑی طاقت ہوتی ہے۔ میں اس ضمن میں تین چار واقعات کا ذکر کروں گا۔ مارچ ۱۹۴۷ میں مسلم لیگ نے پاکستان کا مطالبہ کیا۔ سلوگن لگایا پاکستان کا، سات سال کے عرصہ میں پاکستان بن گیا۔ حالانکہ اس وقت مسلمان منتشر تھے، ہمارے خلاف کافی سلسلے تھے، انگریز خلاف تھا، ہندو خلاف تھا لیکن سات سال کے اندر پاکستان بن کر رہا، یہ نعرہ کی طاقت تھی۔ دوسری مثال یہ ہے کہ ۹ اگست ۱۹۴۲ کو آل انڈیا کانگریس نے آزاد انڈیا کا نعرہ لگایا اور پانچ سال کے عرصہ میں انگریز کو ماننا پڑا۔ ۱۹۵۶ میں مجیب الرحمان نے بنگلہ دیش کا نعرہ لگایا اور ۱۹۷۱ میں بنگلہ دیش بن کر رہا۔ لہٰذا آپ اس نعرے کو معمولی نہ سمجھیں اور وہ جو سندھ میں خرابیاں ہیں اور جو اسباب ہیں ان کو دور کرنے کی کوشش کریں۔ آخر سندھ کا نوجوان کیوں برگشتہ ہے۔ اس نے کیا کیا ہے؟ آپ سندھ میں جائیں، یہ دیکھیں

کہ ان کو نوکری کیوں نہیں ملتی ۔ آپ کہتے ہیں کہ کوٹہ سب کے لئے مقرر ہے ، میں کہتا ہوں کہ ہمیں کوٹہ نہیں چاہیئے ۔ آپ ایک کمیشن بٹھائیں ، جس میں سندھ کے نمائندے ہوں ، صوبوں کے نمائندے ہوں ، وہ دیکھیں کہ فلاں محکمے میں کتنے سندھی ہیں ، ہمیں اور کچھ نہیں چاہیئے ۔

اس کے علاوہ جیسے کہ قاضی صاحب نے کہا کہ سندھ کا جو دریائی علاقہ ہے جو کہ کچا ہے ، وہاں پانی نہیں آتا صرف اس سال پانی آیا ہے ۔ اس کی وجہ سے لاکھوں افراد بے گھر ہیں ۔ پانی کا مسئلہ ابھی تک حل نہیں ہوا ۔ دس سال سے رپورٹ پڑی ہے اس پر فیصلہ نہیں ہوتا ۔ اب جناب کہا جاتا ہے کہ اگر کالا باغ ڈیم بنے گا اس سے سندھ کو نقصان پہنچے گا ، اور یہ کہا جا رہا ہے کہ یہ بن جائے گا بھائی یہ کیوں بن جائے گا ، میں کہتا ہوں کہ اگر کالا باغ ڈیم بنے گا تو اس سے بڑی بدمزگی پیدا ہوگی ۔ آپ کو کیا چاہیئے ، پاکستان کی سالمیت چاہیئے یا کالا باغ ڈیم چاہیئے اور وہ لوگ یہ کہتے ہیں کہ اگر کالا باغ ڈیم بنے گا تو پاکستان نہیں رہے گا ۔ میں ان باتوں میں جانا نہیں چاہتا تھا لیکن جناب ان باتوں کو معمولی سمجھ کر اگنور نہ کیا جائے ۔ ہمارے لوگ اس بارے میں پوچھتے ہیں ، اس کے بارے میں اسمبلیوں میں قرارداد پاس کی جائے ۔ ایسے بات نہیں بنے گی ۔

جناب والا ! جہاں تک نوکریوں کا تعلق ہے اس کے متعلق عرض کرتا ہوں کہ وہاں جو بینک ہیں ، مختلف ادارے ہیں ، کارخانے ہیں ، آئل ملز ہیں ، وہاں مقامی آدمیوں کو نوکری نہیں ملتی ، ہم پوچھتے ہیں کہ دوسروں کو کیوں رکھا ہے تو جواب ملتا ہے کہ صاحب ان کا ڈومیسائل اسی صوبے کا ہے ، حالانکہ یہ سب ڈومیسائل جعلی ہیں اور ہم نے کئی بار کہا ہے کہ صاحب ، ڈومیسائل کمیٹیاں بنائی جائیں اور جو جعلی ڈومیسائل ہیں ان کو رد کیا جائے اور ایسے لوگوں کو قرار واقعی سزائیں دی جائیں جنہوں نے یہ ڈومیسائل بنائے ہیں ۔ اس کا اختیار وہاں کے مقامی آدمیوں کو دے دیا جائے کہ وہ ڈومیسائل جاری کریں ورنہ ایک دن بڑی

خونریزی ہوگی ۔

جناب والا! سندھ میں ایک بڑی مزیدار بات کہی جاتی ہے، لوگ ہمیں کہتے ہیں کہ آپ ہماری کیا نمائندگی کریں گے آپ تو اپنی نمائندگی نہیں کر سکتے یہاں پارلیمنٹ میں چار جگہیں ہیں، سپیکر، ڈپٹی سپیکر، چیرمین اور ڈپٹی چیرمین، کی، مگر ان چاروں میں سندھ کا ایک بھی عہدیدار نہیں ہے ۔ آپ کہتے ہیں کہ جناب آپ کا پرائم منسٹر ہے، میں عرض کرتا ہوں کہ پرائم منسٹر، صدر تو آنی جانی چیزیں ہیں، آج اس صوبے کا ہے، کل سرحد کا ہوگا، پھر پنجاب کا ہوگا، پھر بلوچستان کا ہوگا، یہ تو کوئی بات نہیں ہے ۔ یہ چار مستقل جگہیں ہیں، جن میں سے ہمیں ایک بھی نہیں دی گئی ۔ کیا یہ حق تلفی نہیں ہے ۔

بہر حال سندھ سے جو ناانصافیاں ہوئی ہیں ان کو ختم کرنا چاہیے اور سندھ میں جو پروجیکٹس ہیں ان کو مکمل کرنا چاہیئے مثلاً لیفٹ بنک آؤٹ فال ڈرین ہے اُسے رائٹ بنک پر بنانا چاہیئے، سندھ میں صاحب! نغل کوہستان ہے جہاں لاکھوں آدمی بھوکوں مرتے ہیں، وہاں چار پانچ سال سے قحط ہے لیکن مرکزی حکومت نے ایک پائی نہیں دی اور ہمارے وزیر صاحب کہتے ہیں کہ وہاں کے لئے کسی نے کہا ہی نہیں، بھئی آپ پھر کیوں بیٹھے ہیں، وفاقی حکومت کیا کر رہی ہے، سارا ٹیکس تو لیتی ہے لیکن سندھ کے لوگوں کو ان کا حق نہیں دیتی ہے ۔ جناب والا! یہ تمام جو باتیں ہو رہی ہیں ان کا ازالہ کیا جائے تو بدامنی بند ہوگی اور سندھ میں اطمینان بھی ہوگا اور حالات ٹھیک ہو جائیں گے ۔ شکریہ ۔

<u>جناب قائمقام چیرمین</u> : شکریہ، شیخ صاحب آپ نے سندھ کے حالات کی واقعی صحیح تصویر ہاؤس کے سامنے پیش کی ہے، جہاں تک میرا ذاتی خیال ہے ۔ عبدالرحمٰن جمالی صاحب، پروفیسر خورشید صاحب، جناب جام تماچی صاحب، میر علی نواز خان تالپور صاحب، یہ سارے حضرات موجود نہیں ہیں، تو ان دوستوں کو جن کے نام پکارے گئے ہیں، کل ان کو

موقع نہیں ملے گا۔ جوگیزئی صاحب، جناب آپ وقت دیکھ لیں ۹ بجے تک اور اس کے بعد ۱۵ منٹ کل بھی آپ کو ملیں گے، تو آدھ گھنٹے سے زیادہ آپ نہیں بولیں گے ویسے تو ماشاء اللہ آپ لاء اینڈ آرڈر پر تین دن تک بول سکتے ہیں، مگر وقت کم ہے اس لئے نصف گھنٹہ بولیں۔

نوابزادہ جہانگیر شاہ جوگیزئی : میں واقعات کے اوپر بات کروں گا، میں اس انتظامیہ کے اوپر بات کروں گا جو اصل محرک ہے ان فسادات کی، میں نے اس کو چُن چُن کر بنانا ہے۔ اس لئے مجھے وقت چاہیئے۔

جناب قائمقام چیئرمین : بس یہ خیال کر لیں کہ ۱۵ منٹ آج اور ۱۵ منٹ کل کے لئے ہوں گے اس سے زیادہ نہیں۔

نوابزادہ جہانگیر شاہ جوگیزئی : اچھا جی : (مداخلت).....

جناب قائمقام چیئرمین : میں اسی لئے یہ گزارش کر رہا ہوں کہ کل وزیر داخلہ تشریف لائیں گے کیونکہ آج ان کی طبیعت ناساز تھی تو وہ کل جیسے بھی انشاء اللہ، اللہ تعالےٰ انہیں صحت دے، بحث کو وائنڈ اپ کریں گے تو اسی لئے میں مقررین سے گزارش کر رہا ہوں کہ آج آپ اپنی تقاریر مکمل کر لیں، میں معزز اراکین کا مشکور بھی ہوں کہ آج یہ بحث تقریباً ختم ہو جائے گی کل ایک آدھ مقرر جو ہوں گے دس پندرہ منٹ ان کی تقریر کے بعد وزیر داخلہ صاحب انشاءاللہ جواب دیں گے لہٰذا میری گزارش ہے کہ کل وزیر داخلہ کا جواب سننے کے لئے کورم ابھی جذبے سے قائم رہے۔

جناب احمد میاں سومرو : کورم کے لئے تو یہ ہاؤس آپ کے حکم کی عزت کرتا ہے...... مداخلت

جناب قائمقام چیئرمین : میں مشکور ہوں جی

جناب احمد میاں سومرو : لیکن سوال یہ ہے کہ اس آٹھ دن کی بحث کا وہ ایک دن میں جواب دے دیں گے؟ اس کا مطلب یہ ہے کہ یہ سب ٹائم ضائع کرتے رہے ہیں لیکن ایک دن میں جواب تو ایک چیز کا آئے گا۔

جناب قائمقام چیئرمین : سومرو صاحب آپ جو مناسب سمجھیں، میں آپ سے اتفاق کروں گا۔

قاضی حسین احمد : میں گزارش کروں گا جی کہ میری تجویز ہے کہ یہ بحث آج ختم کر دی جائے اور کل کا سارا دن وزیر داخلہ کے جواب کے لئے مختص کر دیا جائے۔ اور اگر جوگیزئی صاحب ۱۵ منٹ اور بولنا چاہتے ہیں تو ہم سوا نو بجے تک بیٹھ جاتے ہیں۔

جناب قائمقام چیئرمین : بڑی معقول تجویز ہے، ٹھیک جی شکریہ۔ بہت اچھی تجویز ہے بہت مہربانی۔ تو کل انشاءاللہ وزیر داخلہ صاحب سارا دن جواب دیں گے۔ شکریہ، جوگیزئی صاحب۔

نوابزادہ جہانگیر شاہ جوگیزئی : اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ جناب چیئرمین صاحب! ہم نے اس دوران میں پاکستان میں جو واقعات ہوئے ہیں وہ ایک ایک سنے ہیں ان کو دہرانے کی ضرورت نہیں ہے۔ جو حالات کوثر نیازی صاحب نے، سومرو صاحب نے اور دیگر ممبروں نے بتائے ہیں، وہ ہیں لیکن انہیں چھپا نہیں سکتے۔ مگر کیوں ہیں؟ یہ بات لازمی ہم کو سوچنی ہے۔ سب سے پہلی بات تو یہ ہے کہ ہم داخلی صورت حال پر تو بات کرتے ہیں لیکن ہم نے کبھی اپنے لئے بھی سوچا ہے کہ ہم بھی اپنا محاسبہ کریں، جو ہم یہاں موجود ہیں اور قوم کے نمائندے ہیں کیا ان کو یہ بھی احساس ہے کہ ہم اپنی ڈیوٹی پوری کرتے ہیں اگر یہ احساس یہاں سے شروع نہیں ہوتا تو آخر تک کیسے جائے گا۔ جناب والا بات یہ ہے کہ یہ تمام امن وامان

کا مسئلہ صرف چند دنوں کی بات نہیں ہے اس کا سراغ ہم نے اس دن سے لگاتا ہے جس دن سے انگریز اس ملک میں حکمران ہوا، میری نظر میں سات وجوہات ہیں، جن پر مجھے بات کرنی ہے، اول یہ کہ تنظیمی صلاحیت کا فقدان اور اس کے اسباب، بے مقصد سیاسی کشمکش اور حکومت کرنے کی خواہش کا جنون، معاشی اسباب، بیرونی اثرات، بے مقصد تعلیمی پالیسی، جمہوری عمل کا جمود اور اس کے اسباب، موجودہ جمہوری اسلامی عمل کو ناکام کرنے کی اندرونی اور بیرونی کوششیں۔

اب میں پہلے اس ملک کو چلانے والے منتظموں پر بات کروں گا۔ جن کو ہم موردِ الزام ٹھہراتے ہیں یا جن کے ذمے ہم یہ لگاتے ہیں کہ وہ ملک میں امن و امان قائم کریں۔ آپ اس دن سے اس تاریخ کو دیکھیں کہ یہ ہندوستان انگریزوں نے فتح کیا یا ہندوستانیوں نے انگریزوں کے لئے ہندوستان فتح کیا۔ اور اگر ہندوستانیوں نے انگریزوں کے لئے ہندوستان فتح کیا تو وہ کیا اسباب تھے، انگریزوں میں کیا خوبی تھی، ان میں کیا انتظامی صلاحیتیں تھیں کہ وہ آپ کو آپ سے لڑا کر کے آپ کو غلام کرنے میں آپ ہی کا ہاتھ استعمال کرتا تھا۔ اس میں دو چیزیں نظر آتی ہیں، ایک تو یہ تھا کہ انگریز اپنے ملک کا وفادار تھا، وہ کام لگن سے کرتا تھا، وہ جو اس کا دشمن تھا اس کو سزا دیتا تھا اور جو اس کا وفادار تھا اس کو انعام دیتا تھا۔ پاکستان کی تاریخ کو دیکھیں جس نے پاکستان کے لئے کام کیا ہے سب سے پہلی جوتی اس کے سر پڑی ہے جس نے پاکستان کی جتنی خدمت کی وہ اسی طرح سے ذلیل ہوا اور جس نے پاکستان کی مخالفت کی آج کل وہی برسرِ اقتدار، وہی سب کچھ، انہیں کے ہاتھ میں سب کچھ ہے جس ملک میں جزا اور سزا کا پیمانہ نہ ہو وہاں پر کبھی توازن صحیح رہ ہی نہیں سکتا۔ انگریز گئے، انگریزوں نے ہم کو قانونی نظام دیا، قوانین و ضوابط کے تحت جب تک انگریز اس ضابطے پر عمل پیرا رہا وہ دیانتدار رہا اس کو پتہ تھا کہ اگر میں غلط کام کروں گا تو اس سے عوام

میں بد دلی پیدا ہو جائے گی اور وہ اپنی سلطنت کو کبھی زوال پذیر نہیں ہونے دیتا تھا مگر آج اسی قانون کو انہی رولز کو ہم اپنی ذاتی منفعت کے لئے استعمال کرتے ہیں آپ بے شک ہزاروں محکمے اور بنالیں، رشوت کو بند کرنے کے کئی طریقے اور استعمال کر لیں لیکن رشوت بند نہیں ہو گی۔ جو ادارے رشوت کو بند کرنے کے لئے بنائے جائیں گے وہ خود راشی ہوں گے، آپ دیکھیں، سوال یہ پڑتا ہے کہ لاء اینڈ آرڈر، پولیس کا کام ہے، مجسٹریٹ کا کام ہے یا ہر پاکستانی کی ذمہ داری ہے، آپ قبائلی علاقے میں جائے، اپنے علاقے میں ہم چوروں یا ڈاکوؤں وغیرہ کے پیچھے خود جاتے ہیں، پانچ چھ سال پہلے کی بات ہے، ہمارے تین اونٹ چلے گئے، میرا لڑکا خود گیا، چوروں کے ساتھ مقابلہ ہوا، ایک آدمی کو قتل کیا، پھر کسی اور کو جرأت نہیں ہو سکتی کہ آپ کے علاقے میں جا کر کے چوری کرے، جب خود جو کیدار چور ہو وہ ڈاکوؤں کا سرپرست ہو، آپ کس سے امید کرتے ہیں، اب آیئے ذرا اس انتظامیہ کا جائزہ لیں انگریز تو ایک صاحب بہادر بن کر آیا تھا، اس کے نیچے جو عملہ ہوتا تھا، اے سی تک، مجسٹریٹ تک، انسپکٹر تک، ڈی ایس پی تک، یہ عملہ ہندوستانی ہوتا تھا، انگریز گئے اس کی جگہ آپ نے اپنے بیٹے، اپنے بھائی کو مقابلے کے امتحان میں بٹھا دیا، وہ وہاں سے نکلا، آپ نے اس کو وہ فنکشن دے دئے جو انگریز کسی محکوم قوم سے لیتا تھا، آپ نے اس کو وہ ٹریننگ نہیں دی، کہ وہ یہ سمجھے کہ میں ایک مسلمان ہوں اس ملک کا ایک فرد ہوں اور مجھ میں اتنی چاشنی، محبت اور خلوص ہونا چاہیئے کہ لوگ ہم کو اپنا سمجھیں، آپ جا کر اعداد و شمار لے لیں کہ خرابیاں کہاں سے پیدا ہوتی ہیں جو شخص ضلع میں بیٹھتا ہے اس ضلع سے پوچھ لیں کہ کتنے آدمیوں سے ملاقات کرتا ہے انگریز کا نظام یہ تھا، کہ ڈپٹی کمشنر ایک پٹوار خانے کا بھی معائنہ کرتا تھا، تحصیل کا معائنہ کرتا تھا، اور پٹواری کا کام یہ ہوتا تھا کہ ہر پندھواڑے وہ اپنے علاقے کی ایک رپورٹ جس میں ہر قسم کی اطلاعات ہوتی تھیں، اوپر بھیجتا تھا اور حکومت باخبر رہتی تھی کہ فلاں جگہ میں کیا ہوتا

ہے میں پوچھتا ہوں کہ بلوچستان میں جرگہ کیا چیز ہے، آپ بتا سکتے ہیں، یہ جو یہاں پر بیٹھے ہوئے ہیں کہ جرگہ کیا چیز ہے customary law کیا چیز ہے، لیوی سسٹم کیا چیز ہے، آپ اس کو لیوی میں تبدیل کر سکتے ہیں اس کے کیا اثرات ہوں گے کیا مضمرات ہوں گے، آپ بے شک کسی آفیسر سے امریکہ کی بات پوچھیں، میں تو ساڑھے چار سال فیڈرل پبلک سروس کمیشن کا ممبر رہا ہوں مجھے پتہ ہے کہ کیا اہلیت ہے، لوگ آنے ہیں اور کتنے پاکستان کو جانتے ہیں اب کیا ہوا، خود سروسز میں ایک دوسرے پر اتفاق نہیں ہے سی ایس پی، پی سی ایس کو نہیں چاہتا، جب ایک نظام میں ایک دوسرے پر اعتماد نہ ہو، ایک دوسرے کے ساتھ کوآپریشن نہ ہو، تو اس طریقے سے نظام کیسے چل سکتا ہے؟

باقی باتیں تو بعد میں آئیں گی، میں سندھ کے متعلق عرض کروں کہ سندھی لوگ بہت میٹھے اور دوست جیسے لوگ ہوتے تھے، جب تک ہمارے ان کے ساتھ تعلقات رہے بطور سرکاری افسر، پاکستان کے لئے انہوں نے جو خدمات کی ہیں وہ تاریخ میں لکھی ہوئی ہیں، شروع کہاں سے ہوا، پہلے زمینیں تقسیم ہوئیں، پھر کارخانے لگے، اب وہ بااثر لوگ تھے، وہ اپنے تحفظ کے لئے ہمیشہ سے یہ آواز اٹھاتے رہے، کہ سندھیوں سے ہمیں ڈر ہے اور ہمیشہ پولیس باہر سے آتی رہی اس سے بداعتمادی تو بڑھ گئی ہے مگر نظام میں فائدہ نہیں ہوا ہے ہر صوبے کی ایک مشکل یہ ہے کہ جب سنٹر سے آفیسرز جاتے ہیں، وہ پراونس کے کنٹرول میں نہیں ہوتے، کیا وجہ ہے کہ آئی جی پولیس باہر سے آجائے، سنٹر سے آجائے پولیس کو کیوں لوکلائز نہ کیا جائے۔ جیسے ہمارے لیوی ہے آئی جی پولیس کے نیچے تمام وہاں کے لوگ ہوں، اور ان کی ذمہ داری ہو، جیسے بلوچستان میں ہمارے قبائل میں قبائل کی ذمہ داری ہوتی تھی، لیویز قبائلی ذمہ داری کے ساتھ منسلک ہوتا تھا سردار اس قبائلی ذمہ داری کا حصہ ہوتے تھے، چور اور ڈاکوؤں کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا کہ وہاں آجاتے۔

دوسری بات یہ ہے کہ محبت، محبت سے بڑھتی ہے نفرت سے نہیں بڑھتی، اگر ہماری سوچ یہ ہو کہ ایک صوبہ دوسرے صوبے پر صرف زور سے حکومت کرے تو ہمارے سامنے مشرقی پاکستان کا قصہ ہے ایسٹ میں ہندوستان ہمارا دشمن ہے شمال میں روس ہے ہم کو یہ بات نہیں بھول لینی چاہیئے کہ اتحاد پاکستان کی سب سے اشد ترین ضرورت ہے۔ فوج تو تھوڑی ہے۔ ہم تو چاہتے ہیں کہ ہر پاکستانی ناقابل تسخیر قلعہ ثابت ہو اور وہ اسی وقت ہو سکتا ہے جب ہمارے نظریات صحیح اسلامی ہوں، ہم میں جو محبت اور خلوص ہے وہ اسلام کے صحیح جذبے کے تحت ہو، جب ہم اسلامی نظام کو صحیح طور پر قائم کریں۔

سروس کا ایک اور بھی معاملہ ہے تحفظ نہیں ہے، پاکستان بنا، پاکستان بننے سے پہلے انگریز کا یہ دستور تھا کہ افسر کی جو استطاعت اور قابلیت ہوتی تھی اس کی بنا، پر پروموشن دیتے تھے پاکستان بنا تو چور دروازے سے لوگ آنے شروع ہو گئے، پھر اس کو کنٹرول کرنے کے لئے حکومت نے ایک اور ایسا قدم اٹھایا کہ فیڈرل سروس کمیشن سے خاص اختیارات لے لئے، پہلے تو یہ تھا کہ کسی کو ڈسمس کرنا ہو، کسی کے خلاف تادیبی کارروائی کرنی ہو، فیڈرل سروس سے صلاح مشورہ لیتے تھے اب وہ نہیں کرتے ہیں اس سے افسروں میں جو ایماندار آدمی ہے اس نے بھی ہتھیار ڈال دیئے ہیں اس کو پتہ ہے کہ اگر میں ان کے کہنے پر غلط کام نہ کروں، تو میرے لئے جینا مشکل ہو جائے گا لہٰذا اس کو بحال کرنا پڑے گا۔ دوسرا پولیس رول کے بارے میں جیسا کہ سومرو صاحب نے کہا میں اس سے بالکل اتفاق کرتا ہوں، پولیس کو سولائز کریں، اور اسلامی قانون کو نافذ کریں، قرارداد مقاصد سے لے کر نویں ترمیمی بل اور شریعت بل تک ہم کہتے ہیں کہ یہ اسلامی قانون ہے لیکن اسلامی قانون اس وقت تک نہیں آ سکتا، جب تک ہم پینل کوڈ میں نئی امینڈمنٹ نہ کریں، ہم نے اتنی بحثیں کیں، اتنا وقت ضائع کیا لیکن کسی نے آج تک پینل کوڈ میں اسلام کے مطابق سزائیں

نہیں دیں، جب تک یہ امنڈمنٹ نہیں ہو گے، اسلام کا جو خواب ہے اس کی تعبیر نہ نکلے گی اس قانون کی کمزوری کی وجہ سے ملک میں فساد کی جو اصل جڑ ہے وہ اکھاڑی نہیں جا سکتی، قرآن میں تین قسم کے قتل ہو جائیں تو قتل، پھانسی، عضو مخالف کاٹنے کی سزا ہے، اگر آپ کا یہ قانون ہوتا، تو یہاں فساد کبھی نظر ہی نہ آتا، پھر دفعہ ۱۴۴ جو تعزیرات پاکستان ہے اس کو آپ قرآن کے مطابق کر دیں، کہ جو اللہ اور اس کے رسول سے لڑائی کرتے ہیں ان کو قتل کیا جائے، یہ چیز پہلے سے موجود ہے ہمارے جو قانون کا طریقہ ہے وہ اتنا لچکدار ہے کہ مدعی جو ہے وہ مارا جاتا ہے اور جو قاتل ہوتا ہے وہ بچ جاتا ہے جیسا کہ آج مولانا صاحب نے اور قاضی صاحب نے فرمایا میں اس سے بالکل متفق ہوں ہم کو آنکھیں کھول کر دیکھنا چاہیئے، جب شریعت کی بات ہوتی ہے تو کسی نے فقہ پڑھی نہیں ہوتی ہے کہ حنفی فقہ کیا ہے اور دوسری فقہ کیا ہے لیکن ایک تصور ان کے ذہن میں ایسا ہوتا ہے شیعہ حضرات جب اس کا نام سنتے ہیں تو ایک دم ان کے ذہن میں تعصب آجاتا ہے اس لئے بہتر یہ ہوتا ہے کہ ہم سب سے پہلے تعزیرات کو ختم کریں، پھر اس کے بعد علم جو لوگ قرآن و سنت کا پڑھتے ہیں ان کو فقہ سے بھی واقفیت ہو جائے گی، دوسری بات یہ ہے کہ ہماری سیاست جو ہے ہر سیاسی جماعت کی ایک خواہش ہوتی ہے حکومت کی خواہش، سیاست کا اصل مقصد لوگوں کو باشعور کرنا، اس کو منظم کرنا، میں نے آج تک بہت کم لوگ دیکھے ہیں جو سیاسی نظام کو اس طرح چلائیں کہ ڈسپلن ہو، یہ کون سی سیاست ہے کہ آپ سیاست کی وجہ سے جا کر تخریب کاری شروع کر دیں یہ تو کوئی سیاست نہیں ہے سیاست تو وہ سیاست ہے کہ آپ لوگوں کو یہ شعور دیں کہ یہ علاقہ یہ ملک تمہارا ہے یہ لاری تمہاری ہے جس کو تم نذر آتش کرتے ہو، تو آپ اپنی قوم کا ضیاع کرتے ہیں، آپ اپنے ملک کو نقصان پہنچاتے ہیں۔ ہم اس کو الٹا یہ سکھاتے ہیں

کہ آتش زنی، کمرو، ڈاکے مارو، کیا وجہ ہے کہ لوگ شہادت نہیں دیتے، اس کی وجہ یہ ہے کہ ایک شخص کو بھی پولیس پر اعتماد نہیں ہے کسی کو پولیس پر اعتبار نہیں ہے آپ کسی کو پولیس کی شہادت میں لے جائیں تو وہ بے چارہ پھنس جاتا ہے اس لئے جہاں قتل ہو جاتا ہے وہ وہاں سے نظر بچا کر چلا جاتا ہے خواہ مخواہ مجھے عدالت میں جانے کی کیا ضرورت ہے۔

پاکستان بننے سے پہلے مغربی پاکستان ہو یا مشرقی پاکستان ہو تمام دولت ہندوؤں کے ہاتھ میں تھی آج آپ دیکھ سکتے ہیں کہ پاکستان ۱۹۴۷ء کے مقابلے میں معاشی لحاظ سے کتنا آگے ہے۔ مگر ہوا کیا کہ بھٹو صاحب کے آنے سے نیشنلائزیشن شروع ہوئی۔ جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ لوگوں نے اپنا پیسہ اس میں لگانا بند کر دیا اور کارخانے بننے بند ہو گئے اور حکومت نے جو کارخانے سرکاری تحویل میں لئے وہ خسارے میں چلے گئے، پھر ان کے لئے ٹیکس بڑھانا پڑا، ٹیکس بڑھانے سے پھر چیزوں کی قیمتیں بڑھ گئیں جس کی وجہ سے لوگوں کو تکلیف محسوس ہونے لگی۔

دوسری بات لینڈ ریفارم کی ہے اس میں بھی ایک حد ہوتی ہے۔ ایک آدمی کے پاس ۱۶ ایکڑ زمین ہے جبکہ اس کا گھرانہ آٹھ دس افراد پر مشتمل ہے اس سے اس کی گذر بسر نہیں ہوتی اس لئے وہ نوکری کرتا ہے۔ نتیجتاً وہ قطعات غیر آباد ہو گئے اور معاشی لحاظ سے نقصان ہوا۔ اور یہ نتیجہ ہے زمینوں کا چھوٹے چھوٹے قطعات میں تقسیم ہونے کا۔ اراضی کو ایک خاص حد سے کم کرنا ہی معیشت کے لئے نقصان دہ ثابت ہوا۔

اب بیرونی اثرات آپ دیکھیں کہ کوئی ڈائریکٹ حملہ نہیں کر سکتا ہے وہ طلباء ہیں، اساتذہ ہیں، کلیدی پوسٹوں میں نفوذ کرتے ہیں۔ آپ نے کابل میں دیکھا کہ وہاں سب سے پہلے سرکاری افسروں میں ان کا نفوذ ہوا اور پھر اس میں انقلاب آیا اور اس کا نتیجہ آپ کے سامنے ہے۔

پاکستان میں بھی اس قسم کا نفوذ ہو رہا ہے لہذا آنکھیں کھلی رکھیں ۔ اگر ہم نے غلط اور صحیح میں تمیز نہ کی تو سُرخ انقلاب میں جوان طبقہ ملوث ہے چاہے وہ بلوچستان کا ہے، پٹھانوں کا ہے یا سندھ کا ہے۔ کچھ تو حکومت کی پالیسیوں کی مخالفت میں ملوث ہیں کچھ اس لئے ہیں کہ اتنے سال مارشل لاء کے رہنے سے لوگوں کی حس ہی ختم ہو گئی ہے۔

دوسرا تعلیم کے بارے میں ہے کہ جب تک آپ سائنسی تعلیم نہیں دیں گے یہ ملک کبھی آگے ترقی نہیں کر سکتا۔ اور اس کی سب سے بڑی وجہ یہ ہے کہ ہم ایک طرف تو دین سے کٹ گئے اور دوسری طرف مغربی کلچر کو اپنا لیا اور تیسری بات یہ کہ روزگار نہیں ملتا جس وجہ سے نوجوان بھٹک جاتا ہے۔ جمہوری اور سیاسی عمل لوگوں کو بیدار رکھتا ہے ۔ تین قسم کی تعلیم ہے ایک میں یہ ہے کہ اداروں میں ہو، ایک visual aid سے ہو، ایک پبلک پلیٹ فارم پر ہو، جس وقت پبلک پلیٹ فارم خاموش ہو جاتا ہے تو لوگوں کو یہ پتہ نہیں چلتا آپ نے یہ دیکھا کہ جس وقت ایمرجنسی اٹھائی گئی تھی تو لوگوں کو یہ پتہ نہیں تھا کہ ایمرجنسی کیا ہے۔ کیونکہ ان لوگوں نے کبھی آزادی دیکھی ہی نہ تھی اس لئے ان کو اس کا پتہ ہی نہیں تھا۔

اب آئیے ملک میں موجودہ جمہوری اور اسلامی عمل کو کامیاب کرنے کی طرف بیرونی اور اندرونی کوششوں کا جائزہ لیں۔ ایک ذہن وہ ہے جو لادینیت چاہتا ہے۔ وہ اسلام کو مُلّا کی شکل میں دیکھتا ہے کیونکہ اس نے اسلام کو سمجھا ہی نہیں ہے ۔ اسلامک سوسائٹی، اسلامی بھائی چارہ، اسلامی عدل و انصاف، اسلامی فلاحی مملکت کا مطلب اس کو سمجھ ہی نہیں آتا کہ کیا ہے ۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ اقبال پر کفر کا فتویٰ لگا، علامہ مشرقی پر کفر کا فتویٰ لگا۔ لوگ حیران ہیں کہ یہ کیا ہے جبکہ اسلام میں یہ ہے کہ کسی کو سیدھے سادے الفاظ میں سمجھایا جائے کہ اسلام کیا ہے یہ جو آج کل یورپ والوں نے اپنایا ہوا ہے یہ ہمارا ہے

[Nawabzada Jahangir Shah Jogezai]

پاس ہے۔ مثلاً شوریٰ کا نظام قرآن نے دیا ہے، فلاحی مملکت اور عدل و انصاف کا تصور قرآن نے دیا ہے۔ باقی تمام ضوابط بھی قرآن میں موجود ہیں۔ تو پھر ان کی بات میں سمجھ آ سکتی ہے۔

اب آپ موجودہ حکومت کا اندازہ لگائیں اگر میں اس پر فرد جرم لگاؤں تو یہ ہوگا کہ جناب مارشل لاء نے یہ کہا تھا کہ آئیں ہمارے ساتھ حکومت میں شریک ہو جائیں۔ آپ کو کس نے کہا تھا کہ مارشل لاء اور سول حکومت ایک ساتھ نہیں چل سکتے۔ جبکہ اس قائد عوام نے بھی نو ماہ تک مارشل لاء کو چلایا۔ اس کو اگر کوئی تجویز دیتا تو فیلڈ مارشل کا تمغہ بھی اپنے ماتھے پر لٹکا لیتا۔ دوسرا گناہ اس نے یہ کیا کہ ایمرجینسی نہیں اٹھائی۔ ایمرجنسی تو وہ چیز تھی کہ جس سے اپنے آپ کو اور اپنے دوستوں کو بچاتے۔ ہم نے اس ایمرجینسی میں دیکھی کہ پیپلز پارٹی والوں نے وہاں سے لڑکے اٹھائے ان کو تو کسی نے کچھ نہیں کہا اور جو شریف آدمی تھا۔ وہ گولی بھی کھا گیا اور جیل میں بھی پھینکا گیا۔ اب لوگ حیران ہیں کہ یہ کیسے ہو گیا۔

تیسری چیز یہ کہ رشوت کو بند کرنے کا ایک پروگرام بنایا گیا ہے اس کا مطلب یہ ہوا کہ آ بیل مجھے مار۔ یہ رشوت پٹواری سے لے کر اوپر تک جاتی ہے۔ اگر آپ رشوت کو بند کریں گے تو لازمی طور پر ایک صحیح قدم اٹھائیں گے۔ لیکن اس راست قدم سے آپ کے تو بڑے دشمن بن جائیں گے۔

چوتھی چیز یہ ہے کہ ہم نے اسلامی نظام کو قائم کرنا ہے۔ اسلام کا نفاذ تو صرف علماء کا حق ہے علماء بھی یہی کہتے ہیں یہاں جب شریعت بل کے متعلق بات ہو رہی تھی تو مولانا مفتی محمود مرحوم کے لڑکے نے جو ہمارا لیڈر رہے کہا کہ ہم دوسروں کا شریعت بل مانتے ہی نہیں ہیں شریعت وہ ہوگی جو ہم نافذ کریں گے۔

پانچویں چیز انہوں نے یہ کہی کہ ۱۵ اگست کو وہاں جشن نہیں منایا یہ تو موقع تھا اگر اس جگہ پر بھٹو جیسا آدمی ہوتا تو اس دن وہ چن چن کر آدمی وہاں بھیج دیتا۔ لیکن آپ نے شرافت کی اور وہاں سے withdraw کیا تاکہ فساد نہ پھیلے یہ شرافت کا زمانہ لوگوں کو پسند نہیں آیا۔ یہ تو ان لوگوں کے لئے موقع تھا جو ملک میں ایسے حالات پیدا کرتے کہ پھر آپ کے سامنے مارشل لاء کبھی نہ آتا۔ یہ جو پروگرام رشوت بند کرنے کا بنایا ہے اس کی کس منہ سے آپ مخالفت کریں گے اگر موجودہ حکومت اسلام کی بات کرتی ہے تو اسے مجبور کریں کہ وہ اسلام کو نافذ کرے آپ اس کی مخالفت کس طریقے سے کر سکیں گے۔ لیکن مخالفت جاری ہے۔ لیکن حکومت چاہنے والے محبت اسی سے کرتے ہیں۔ کوئی شخص یہ نہیں پوچھتا کہ بھٹو صاحب کی جو جائیداد ہے وہ سب کو پتہ ہے، یہ کروڑوں روپے کس طریقے سے انہوں نے آپس میں تقسیم کیا اور یہ کہاں سے آیا؟ کیا آپ کو اس قسم کی حکومت چاہیئے یا مارشل لاء طرز کی حکومت چاہیئے۔ آج میں نے پہلی بار سنا کہ مارشل لاء لگانا اس ملک کو اور جلدی دھکا دینا ہے اب کوئی ضرورت نہیں ہے مارشل لاء کی۔ ہم سب اپوزیشن میں ہیں یا نہیں کسی کو ایسا تصور نہیں کرتے کیونکہ ہم سب لوگوں نے وزیر اعظم کو unanimously elect کیا تھا۔ اگر اپوزیشن ہوتی تو کوئی آدمی کھڑا ہوتا۔ بات ہے اصول کی۔ اگر کوئی شخص اسلام کے لئے بات کرتا ہے تو یہ کسی کے خلاف نہیں ہے۔ اگر کوئی شخص اس ملک کی طاقت کے اتحاد کے لئے بات کرتا ہے تو یہ سب کی ہے۔ چاہے وہ اپوزیشن ہے۔ اگر کوئی شخص اس اتحاد کو توڑنا چاہتا ہے یا ملک کا دشمن ہے تو ملک کے دشمن کے ساتھ کس کی دوستی ہو سکتی ہے۔

میں یہ عرض کر رہا تھا کہ ہونا یہ چاہیئے کہ ایک کمیٹی بنائی جائے۔ تعزیرات پاکستان کے لئے ایک کمیٹی بنائی جائے۔ اس میں علماء بھی ہوں

[Nawabzada Jahangir Shah Jogezai]

اور قانون دان بھی ہوں اور وہ اس میں ترمیم کریں۔ پولیس ایکٹ میں ترمیم کرنے کے لئے آپ ایڈمنسٹریشن کے بہترین ماہرین کو لگائیں تاکہ وہ ایسے قوانین اور ضابطے بنائیں جس سے پولیس بجائے ایک رشوت خور کے ایک بھائی کی طرح ایک محسن کی طرح لوگوں کے ساتھ روابط رکھے۔ اس کے بغیر نہ آپ چل سکتے ہیں اور نہ یہ ملک چل سکتا ہے۔ چار پانچ دن یا دو سال چلانا کوئی کام نہیں ہے۔ ہونا یہ چاہیئے کہ جب ہم اپنے گھروں میں جائیں تو ہمارے دل میں یہ اطمینان ہو کہ ہم نے ضمیر کے خلاف کوئی کام نہیں کیا ہے۔ ہم نے اس ملک کو توڑنے کے لئے کوئی قدم نہیں اٹھایا ہے۔ ہم نے اس ملک کو توڑنے والوں کو موقع نہیں دیا ہے۔ جیسا کہ پہلے بھٹو کے وقت میں کہا گیا کہ میں پاؤں توڑ دوں گا۔ جیسا کہ کسی نے تحریک استحقاق کے موقع پر کہا کہ ٹھیک ہے ہمارے پاؤں توڑ دئے جاتے لیکن پاکستان تو نہ ٹوٹتا۔ اس وقت پریذیڈنٹ صاحب چیف آف دی سٹاف ہیں۔ اگر آپ نے اس وقت اپنی سمجھ سے کام نہیں لیا تو کل وہ کہہ سکتے ہیں کہ مجھے لوگوں نے منتخب کیا اور میں اسلام کو نافذ کرتا ہوں، میں امیر ہوں۔ کون اس کا مقابلہ کر سکتا ہے آج سوچیں۔ میں اس وقت حکومت کے ساتھ ہوا جب میں نے اس میں خلوص دیکھا۔ اب بھی حکومت کا یہ خلوص ہے۔ انشاءاللہ تعالیٰ جب اسلامی نظام آپ قائم کریں گے اپوزیشن کی بات چھوڑیں یہاں بیٹھ کر صحیح قدم اٹھائیں گے تو انشاءاللہ ملک کو کوئی توڑ نہیں سکتا ہم کو چاہیئے کہ ہر شخص کو اس قابل بنائیں کہ وہ ڈاکوؤں کے سامنے خود سینہ سپر ہو۔ ہم صرف پولیس پر کیوں ذمہ داری ڈالیں۔ ذمہ داری سب پر ہے۔ ہر شہری پر ہے۔ میرے خیال میں لوگ بھی تھک گئے ہیں اور میں بھی کچھ آگے بڑھ گیا ہوں۔ لیکن پھر بھی وہ کام نہیں بنا جو میں چاہتا تھا۔

جناب قائم مقام چیئرمین : وہ تو ہم جانتے ہیں کہ آپ ماشاء اللہ تین دن بھی بول سکتے ہیں ۔ میں اپنے معزز رفقاء کا بہت مشکور ہوں کہ انہوں نے میری درخواست پر آج کورم پورا رکھا اور کورم اس وقت بھی پورا ہے ۔ کل وزیر داخلہ صاحب لاء اینڈ آرڈر پر وائنڈ اپ کریں گے ۔ اس سلسلے میں جو آپ کا فیصلہ ہوگا اتنا ہی وقت رکھا جائے گا ۔

نوابزادہ جہانگیر شاہ جوگیزئی : میرے خیال میں ساڑھے چار بجے کا وقت رکھ دیں ۔

جناب قائم مقام چیئرمین : پھر بھی آپ پر ہے کہ اگر آپ ساڑھے چار بجے تشریف لے آئیں میرا خیال ہے کہ ٹھیک پانچ بجے آپ تشریف لے آئیں ۔ اجلاس کی کارروائی بروز جمعرات مورخہ ۹ ، اکتوبر ۱۹۸۶ء شام پانچ بجے تک کے لئے ملتوی کی جاتی ہے ۔

---

*[The House adjourned to meet again at five of the clock in the evening, on Thursday, October 9, 1986]*

---

PCPPI–2020(87) Senate–15-10-87–300.